CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

# امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | بدھ، 10 جون 2026ء، 24 ذوالحج 1447ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 160

# زرعی شعبہ انقلابی تبدیلی لائے گا، وزیراعظم

**وزیراعظم شہباز شریف نے زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جامع اصلاحات، جدید تحقیق، ہائبرڈ بیجوں کے فروغ اور کسانوں کی فلاح کیلئے ماہرین پر مشتمل قومی کمیٹی بنانے کی ہدایت کردی**

**وفاقی بجٹ سے قبل زرعی شعبے کے نمائندوں سے مشاورت، شرکاء نے نئی سیڈ پالیسی اور زرعی اصلاحات کو گیم چینجر قرار دیتے ہوئے حکومتی اقدامات پر اعتماد کا اظہار کیا**

**وزیراعظم نے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، زرعی میکانائزیشن، باغبانی اور ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ کی ہدایت دیتے ہوئے کپاس کی پیداوار میں اضافے کیلئے جامع منصوبہ طلب کرلیا**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے زرعی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں کسان تنظیموں، ڈیری و لائیوسٹاک، ویلیو ایڈڈ سیکٹر، بیج بنانے والی کمپنیوں اور قومی اور ملٹی نیشنل اداروں کے نمائندے شامل تھے۔ مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ سے قبل اس ملاقات کا مقصد بجٹ کے حوالے سے زرعی شعبے کے سٹیک ہولڈرز سے مشاورت تھی، شرکاء نے موجودہ علاقائی صورتحال میں امن کے قیام کیلئے وزیراعظم کی قیادت میں امن کی کوششوں کو سراہا۔ وفد کے شرکاء نے حالیہ متعارف کرائی گئی سیڈ پالیسی اور زرعی اصلاحات کا خیر مقدم کیا اور اسے زرعی شعبے کیلئے گیم چینجر قرار دیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو بحال کرنے میں زرعی شعبہ انقلابی (بقیہ نمبر 1)

# صدر، وزیراعظم ملاقات، بجٹ پر اتفاق

## 12 جون کو پیش کرنیکا امکان

## NEC اجلاس کل ہوگا

**حکومت کو بجٹ منظوری کیلئے پیپلز پارٹی سے گرین سگنل مل گیا، اہم اجلاس میں متعدد نکات پر اتفاق ہوا**

**ایوان صدر میں وزیراعظم اور پیپلز پارٹی قیادت کی ملاقات، بجٹ اور دیگر اہم امور پر تفصیلی مشاورت جاری رہی**

اسلام آباد (وقائع نگار) حکومت کو بجٹ منظوری کیلئے پیپلز پارٹی کی جانب سے گرین سگنل مل گیا، اہم بیٹھک کے دوران حکومت اور پیپلز پارٹی نے ایک دوسرے کی بیشتر بحث تجاویز سے اتفاق کرلیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بعض قابل عمل نکات پر تکنیکی کمیٹیاں مشاورت جاری رکھیں گی۔ خیال رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں حکومتی ٹیم پیپلز پارٹی وفد کے وفد سے ملاقات کیلئے ایوان صدر پہنچی جہاں صدر مملکت نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور وزارت خزانہ کے حکام وزیراعظم کے ساتھ موجود تھے۔ دوسری جھنگ (بقیہ نمبر 29)

# اسرائیل نے لبنان پر حملے تیز کردیے

**فضائی حملوں میں آٹھ لبنانی شہری شہید متعدد زخمی ہوئے**

بیروت: (نیوز ڈیسک) اسرائیل نے ہٹ دھرمی برقرار رکھتے ہوئے لبنان پر وحشیانہ حملے تیز کر دیے، مزید 8 لبنانی شہری شہید ہو گئے۔ لبنانی میڈیا کے مطابق اسرائیل نے طائر (بقیہ نمبر 31)

# آم کھانے سے لڑکی جاں بحق، تحقیقات شروع

**بھارتی شہر حیدرآباد میں کھانے کے بعد پراسرار واقعہ پیش آیا**

حیدرآباد (نیوز ڈیسک) دکن میں ایک افسوسناک اور حیران کن واقعہ پیش آیا ہے جہاں آم کھانے کے بعد 17 سالہ لڑکی اچانک طبیعت بگڑنے کے باعث جان کی (بقیہ نمبر 30)

# ٹرمپ کا ایران اسرائیل جنگ بندی اور معاہدے کا اعلان

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سب کچھ دینے کے لیے تیار ہے، ایران کے خلاف اسرائیلی فوجی حملوں میں کمی لانے میں کامیاب رہا۔ میڈیا سے گفتگو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران سے ڈیل کے لیے چند دنوں میں ایک آئیڈیا دے سکتا ہوں، آبنائے ہرمز میں حادثے کا شکار ہونے والے ہیلی کاپٹر (بقیہ نمبر 2)

# کوئٹہ واقعہ سے قبل محمد آصف کی دردناک ویڈیو سامنے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بیوی بچوں کے ہمراہ خودکشی کرنے والے محمد آصف کی موت سے قبل ویڈیو سامنے آگئی، جس میں اس کا کہنا تھا کہ میں خود کو بچوں کے ساتھ ماردوں گا مگر ان کے ہاتھوں استعمال نہیں ہونے دوں گا (بقیہ نمبر 3)

# فوجداری قوانین میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ

**سی آر پی سی کے 5 5 قوانین میں ترامیم کی جائیں گی**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فوجداری قوانین میں بڑی تبدیلیوں کا فیصلہ کرلیا گیا، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ سی آر پی سی کے 55 قوانین میں ترامیم ہوں گی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے پاکستان کے فوجداری قوانین میں جدید تقاضوں اور جدید ٹیکنالوجی کے مطابق بڑے پیمانے پر ترامیم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر قانون کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ پرانے قوانین برے نہیں ہوتے، لیکن بدلتے وقت کے ساتھ نئے قوانین بنانا ناگزیر ہوجاتا ہے اب چونکہ دنیا میں جدید ٹیکنالوجی آچکی ہے، اسی حساب سے ہمارے قانونی نظام اور ضوابط میں بھی تبدیلیاں کی جارہی ہیں۔ وزیر قانون نے واضح کیا کہ سال 1971ء اور 1991ء کے بعد اب تک ملکی قوانین میں اتنے (بقیہ نمبر 4)

# مظفرآباد میں انٹیلی جنس کارروائی پانچ گرفتار

**مشکوک افراد سے لیپ ٹاپ موبائل اور حساس مواد برآمد ہوا**

مظفرآباد (نیوز ڈیسک) آزاد جموں وکشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 5 مشتبہ افراد گرفتار کرلیے گئے۔ ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے خفیہ اطلاع پر چہلہ کے علاقے میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا، گرفتار افر (بقیہ نمبر 40)

# جھنگ میں طالبہ ایشال فاطمہ کی افسوسناک موت سامنے آگئی

جھنگ (نیوز ڈیسک) فرسٹ ایئر کی طالبہ ایشال فاطمہ مبینہ طور پر اغوا اور زیادتی کا نشانہ بننے کے بعد دم توڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کے شہر جھنگ میں ایک انتہا (بقیہ نمبر 28)

# سرکاری ملازمین کی تنخواہیں وفاقی فیصلے سے مشروط

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب حکومت نے سرکاری ملازمین کو خوشخبری سناتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں تنخواہوں میں اضافہ وفاقی حکومت کے فیصلے کے مطابق ہی کیا جائے (بقیہ نمبر 27)

# اسلام آباد میں گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس میں اضافے کا بل پیش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس میں اضافے کا بل پیش کردیا گیا تاہم مزید غور کے لیے آئندہ اجلاس تک موخر کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گاڑیوں کے مالکان کے لیے ایک پریشان کن خبر سامنے آگئی، جہاں گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس میں اضافے کا بل پیش (بقیہ نمبر 26)

# سوشل میڈیا پر جعلی انویسٹمنٹ اسکیموں کا خطرناک رجحان بڑھ گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) آج کل سوشل میڈیا پر کم سرمایہ کاری میں یقینی اور فوری منافع کے دعوے کرکے عوام کو انویسٹمنٹ (بقیہ نمبر 5)

# کراچی میں افغان پاسپورٹ جعلسازی نیٹ ورک بے نقاب ہوگیا

کراچی (نیوز ڈیسک) جعلی دستاویزات پر افغان باشندوں کے پاکستانی پاسپورٹ بنانے والے نیٹ ورک کو بے نقاب کر (بقیہ نمبر 6)

# کراچی لائنز ایریا میں مکان تنازع پر خونی جھگڑا

کراچی (نیوز ڈیسک) لائنز ایریا میں کرائے کا مکان خالی کرانے کے تنازعہ پر چھریاں چل گئیں، جس کے نتیجے میں سات افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کرا (بقیہ نمبر 7)

# پاک لبنان عسکری روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

**لبنان کے آرمی چیف جنرل روڈولف ہائکل نے جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات میں دفاعی تعاون، علاقائی سیکیورٹی اور پیشہ ورانہ روابط پر تفصیلی بات چیت ہوئی**

**پاکستان اور لبنان کی فوجی قیادت نے باہمی دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا، تربیتی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور عسکری شراکت داری بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا**

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) پاکستان اور لبنان کے درمیان فوجی تعاون اور فوج کے درمیان پیشہ ورانہ روابط مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق لبنان کی مسلح افواج کے سربراہ جنرل روڈولف ہائکل نے جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مہمان فوجی سربراہ کے اعزاز میں جی ایچ کیو میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ ترجمان آئی ایس پی آر کے جاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ ملاقات میں باہمی دلچسپی، علاقائی سیکیورٹی اور دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا اور دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون بڑھانے کے امکانات پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان اور لبنان کی افواج کے درمیان پیشہ ورانہ روابط مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں تربیتی تعاون اور ادارہ جاتی روابط کے فروغ پر بھی گفتگو ہوئی اور پاکستان اور لبنان کی افواج کے درمیان فوجی تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ پاک لبنا (بقیہ نمبر 8)

# افغان سرزمین پر دہشت گرد پناہ گاہیں عالمی امن کے لیے خطرہ

**پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل میں کہا افغانستان دہشت گردوں کیلئے محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے**

**پاکستان کے مطابق کالعدم ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور داعش افغانستان میں آزادانہ سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں**

نیویارک (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں اضافہ عالمی امن کیلئے خطرہ ہے، افغانستان کی سرزمین اب بھی دہشت گرد تنظیموں کیلئے محفوظ پناہ گاہ ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل میں افغانستان کی صورتحال پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا پاکستان نے انسانی ہمدردی، سیاسی روابط اور تجارت کیلئے متعدد اقدامات کئے، طالبان حکومت (بقیہ نمبر 39)

# فرانس سمیت پانچ ممالک کی اسرائیلی آبادکاروں پر نئی پابندیاں

فرانس (نیوز ڈیسک) مقبوضہ مغربی کنارے میں یہودی آبادکاروں کے فلسطینی نہتے شہریوں پر بڑھتے ہوئے تشدد اور توسیع پسندانہ سرگرمیوں کے خلاف سخت اقدام اٹھالیا۔ فرانسیسی وزیر خارجہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ فرانس نے برطانیہ، کینیڈ (بقیہ نمبر 27)

# گلگت بلتستان انتخابات کے سرکاری نتائج پیپلز پارٹی برتری حاصل ہے

گلگت بلتستان (نیوز ڈیسک) گلگت بلتستان کی 24 میں سے 21 نشستوں پر جیتنے والے امیدواروں کے سرکاری نتائج آگئے ہیں، پیپلز پارٹی 10، آزاد اُمیدوار 5، ن لیگ 5 اور ایم ڈبلیو ایم ایک نشست پر کامیاب ہوئی ہے۔ جی بی 1 گلگت ون سے پیپلز پارٹی کے امجد (بقیہ نمبر 38)

# پیپلز پارٹی کا حافظ نعیم پر الزامات مسترد، سخت ردعمل

کراچی (نیوز ڈیسک) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید اور سکھ دیو ہمانی نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے ان کے الزامات کو مسترد کردیا۔ سعدیہ جاوید نے کہا کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں عوام کی جانب سے مسترد (بقیہ نمبر 37)

# وفاقی بجٹ 12 جون کو پیش، اجلاس طلب سمری ارسال

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی بجٹ 12 جون کو پیش کیا جائے گا، اس سلسلے میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کا اجلاس بلانے کے لئے سمری بھیج دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پارلیمنٹ کے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے الگ الگ اجلاس کل طلب کر لیے گئے اور اجلاس طلب کرنے کی باقاعدہ سمری صدر مملکت کو ارسال کردی (بقیہ نمبر 36)

# بجلی کی قیمت میں بڑی کمی کردی گئی

**ملک بھر میں فی یونٹ ایک روپے ننانوے پیسے کمی کا نوٹیفکیشن**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان بھر کے بجلی صارفین کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ بجلی کی قیمت میں فی یونٹ بڑی کمی کردی گئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق ملک بھر کے لیے بجلی ایک روپے 99 پیسے فی یونٹ سستی کردی گئی ہے اور حکومت نے بجلی سستی کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملک بھر کے لیے بجلی جنوری تا مارچ 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں سستی کی گئی ہے۔ اس کمی کا فائدہ بجلی صارفین کو جون، جولائی اور اگست کے بلوں میں تین ماہ کے لیے ہوگا اور اس کا اطلاق الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہوگا۔ بجلی کی قیمت میں اس (بقیہ نمبر 35)

# سندھ طاس معاہدہ معطلی جنوبی ایشیا کیلئے خطرناک موڑ ہے، فرانسیسی جریدہ

**فرانسیسی جریدے نے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو جنوبی ایشیا میں آبی سلامتی کیلئے خطرناک موڑ قرار دیا**

**رپورٹ کے مطابق بھارت نے پانی کو سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کی ہے**

پیرس (نیوز ڈیسک) فرانسیسی جریدے نے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو جنوبی ایشیا میں آبی سلامتی کے لیے خطرناک موڑ قرار دیا ہے۔ جریدے میں شائع رپورٹ کے مطابق بھارت نے اپریل 2025 کے پہلگام واقعے کے بعد پانی کو سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر ا (بقیہ نمبر 34)

# کاہنہ پولیس ہنی ٹریپ اسکینڈل، اے ایس آئی گینگ سرغنہ نکلا

لاہور (نیوز ڈیسک) کاہنہ پولیس کا ہنی ٹریپ اسکینڈل بے نقاب ہوگیا، انویسٹی گیشن کا اے ایس آئی فلک شیر خواتین کے ساتھ مل کر گینگ چلانے کا سرغنہ نکلا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کی محافظ پولیس خود ہی جرائم میں ملوث نکلی، کاہنہ پولیس اہلکاروں کا ایک ہولناک ہنی ٹریپ اسکینڈل سامنے آیا ہے، جس کا سرغنہ انویسٹی گیشن ونگ کا اے ایس آئی فلک شیر نکلا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ملزم اے ایس آئی نے (بقیہ نمبر 33)

# کراچی میں شدید ہیٹ ویو کی پیشگوئی

**درجہ حرارت پچاس سے باون ڈگری محسوس ہونے کا امکان ظاہر**

کراچی (نیوز ڈیسک) محکمہ موسمیات نے شہر قائد میں شدید ہیٹ ویو کی پیش گوئی کرتے ہوئے کہا محسوس کیے جانے والے درجہ حرارت کی شدت 50 سے 52 سینٹی گریڈ محسوس کی جاسکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ ہوگیا ہے اور موسم شدید گرم اور مرطوب ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج سے 12 جون تک کراچی میں شدید ہیٹ ویو کی پیشگوئی کی ہے، جس کے دوران درجہ حرارت 39 سے 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے ڈپٹی ڈائریکٹر انجم نذیر ضیغم نے بتایا کہ سمندری ہواؤں کی وجہ سے ہوا میں نمی کا تناسب 50 فیصد سے کم نہیں ہو رہا، جس کے باعث گرمی کی اصل شدت ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت سے 8 سے 10 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ محسوس ہوسکتی ہے۔ ہواؤں کی رفتار کم ہونے کی وجہ سے شہر میں شدید گھٹن اور حبس کی صورتحال رہے گی۔ کراچی کا موجودہ درجہ حرارت 36 ڈگری (بقیہ نمبر 32)

# وفاقی بجٹ، حکومتی و پی پی تکنیکی کمیٹی فعال

**وفاقی بجٹ پر پیپلز پارٹی اور حکومت کی تکنیکی کمیٹی اسحاق ڈار کی زیر صدارت مشاورت جاری رکھے گی**

**کمیٹی اپنی سفارشات وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کو پیش کرے گی، وزیر خزانہ بھی مشاورت میں شریک ہوں گے**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): وفاقی بجٹ سے متعلق پیپلز پارٹی اور حکومت کی تکنیکی کمیٹی نائب صدر اسحاق ڈار کی زیر صدارت کام کرے گی۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی اور حکومت کی تکنیکی کمیٹی اپنی سفارشات وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کو پیش کرے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب بھی مشاورت کے لیے تکنیکی کمیٹی میں شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ تکنیکی کمیٹی پیپلز پارٹی کے ساتھ دیگر بجٹ کے تمام تصفیہ طلب امور پر بھی بات (بقیہ نمبر 9)

# مظفرآباد میں بھارتی جاسوس نیٹ ورک گرفتار

**آئی ایس آئی کی کارروائی میں پانچ افراد گرفتار منصوبہ ناکام**

مظفرآباد (نیوز ڈیسک) آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں آئی ایس آئی نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' سے منسلک 5 افراد کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں بین الستوراتی انٹیلی جنس اور قانون (بقیہ نمبر 25)

# کراچی ایئرپورٹ جعلی دستاویز اسکینڈل بے نقاب

**ایف آئی اے نے کویت جانے والا مسافر آف لوڈ کردیا**

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی ایئرپورٹ پر سرکاری ملازم کی جعلی این او سی پر کویت جانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے مسافر کو آف لوڈ دیا۔ تفصیلات کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایف آئی اے امیگریشن نے ایک اہم کارروائی کرتے ہوئے مشکوک اور مبینہ طور (بقیہ نمبر 24)

# پی ٹی آئی اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

**فضل الٰہی نے بانی سے عدم وفاداری کے سنگین الزامات لگائے**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے ناراض رکن صوبائی اسمبلی فضل الٰہی آر وائی نیوز کی 26 مئی کی خبر کی تصدیق کرتے ہوئے کہا قسم اٹھا کر کہتا ہوں ہمارے لیڈران بانی پی ٹی آئی سے مخلص نہیں تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے ناراض رکن صوبائی اسمبلی فضل الٰہی نے پارٹی قیادت اور خیبر پختونخوا حکومت کے خلاف چوٹکا دینے والے انکشافات کرتے ہوئے اے آر وائی نیوز کی 26 مئی کی خبر کی تصدیق کردی۔ اے آر وائی نیوز سے خصوصی گفتگو (بقیہ نمبر 23)

# کشمور پولیس کی بڑی کامیابی، ڈاکو ہلاک

**وزیر داخلہ سندھ نے پولیس ٹیم کو شاباش دے دی**

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے کشمور پولیس کی بڑی کامیابی پر ڈی آئی جی لاڑکانہ ناصر آفتاب، ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو اور پوری پولیس ٹیم کو شاباش دی ہے۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ بدنام زمانہ ڈاکو ملنگوار عرف ملھو بھلکانی کی ہلاکت کشمو (بقیہ نمبر 22)

# شدید گرمی ہیٹ ویو ایڈوائزری جاری

**قومی ادارہ صحت نے شہریوں کیلئے احتیاطی ہدایات جاری کردیں**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے باعث ہیٹ اسٹروک کے کیسز میں اضافے کے خدشے کے پیش نظر ایڈوائزری جاری کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں جاری شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے پیش نظر قومی ادارہ صحت نے ہیٹ اسٹروک کے کیسز میں اضافے کے خطرے کے باعث شہریوں کے لیے ایک ہیلتھ ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ ایڈوائزری میں خبردار کیا گیا ہے کہ ہیٹ اسٹروک کا بروقت علاج نہ ہونا جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے (بقیہ نمبر 21)

# ہاؤسنگ اسکیموں کیلئے نیا ڈیجیٹل نظام نافذ

**تمام ریکارڈ PLRA سافٹ ویئر سے منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جائیداد کی خرید وفروخت سے متعلق بڑی پابندی لگا دی گئی ہے اور یکم جولائی سے مخصوص جائیدادوں کی ٹریڈنگ نہیں ہوسکے گی۔ لاہور میں کام کرنے والی تمام ہاؤسنگ اسکیموں میں یک جولائی سے ایسی جائیدادوں کی خرید وفروخت نہیں ہوسکے گی، (بقیہ نمبر 20)

# کورونا الاونس کیس میں ڈاکٹرز کو ریلیف

**92 ہاؤس جاب ڈاکٹرز کو کورونا الاونس فوری ادا کرنے کا حکم**

کراچی (نیوز ڈیسک) عباسی شہید اسپتال کے 92 ہاؤس جاب ڈاکٹرز کو کورونا الاونس کی عدم ادائیگی کیس میں سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے ڈاکٹرز کو کورونا الاونس کی ادائیگی کا حکم دے دیا۔ وکیل درخواست گزار جبران ناصر نے عدالت کو بتایا کہ کورونا وبا کے دوران ہاؤس (بقیہ نمبر 19)

# گلگت میں پانچ حلقوں پر ری پولنگ

**چیف الیکشن کمشنر نے 5 1 جون کو دوبارہ پولنگ کا حکم دیا**

گلگت (نیوز ڈیسک) چیف الیکشن کمشنر کی منظوری سے 5 حلقوں کے مخصوص پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم جاری کر دیا گیا۔ میڈیا کوآرڈینیٹر کے مطابق صوبائی الیکشن کمشنر عابد رضا نے دوبارہ پولنگ کرانے کے احکامات جاری کر دیے، دوبارہ پولنگ والے حلقوں میں جی بی اے 8 اسکردو 2 اور جی بی اے 13 استور 1 شامل ہیں۔ بہادر جمیل کے مطابق جی بی اے (بقیہ نمبر 18)

# پی ٹی آئی نے گلگت بلتستان انتخابات نتائج مسترد کردیے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی نے گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات کے نتائج کو مسترد کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ انتخابی عمل میں منظم دھاندلی کی گئی اور عوامی مینڈیٹ کو تبدیل کیا گیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بیرسٹر گو (بقیہ نمبر 10)

# سیف سٹی نے لڑکی ہراسانی کیس میں ملزم فوری گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) سیف سٹی کے عملے نے لڑکی کی جانب سے سوشل میڈیا پر کی جانے والی ہراسانی کی شکایت پر جدید ٹیکنالوجی کے تحت کارروائی کرکے ملزم کو فوری گرفتار کرلیا۔ پنجاب سیف سٹی اتھارٹی نے جدید کیمروں اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم کی مدد سے لڑکی کو (بقیہ نمبر 11)

# مبینہ آڈیو لیک، جے اے اے سی قیادت پر سوالات اٹھ گئے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ایک مبینہ آڈیو کال لیک نے کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی (جے اے اے سی) کی قیادت پر سوالیہ نشان اٹھا دیے۔ وزیر مملکت طلال چوہدری کی جانب سے شیئر کی جانے والی مبینہ لیک آڈیو میں (بقیہ نمبر 12)

# پشاور عدالتوں میں دفتری اوقات اسمارٹ فون استعمال پر پابندی

پشاور (نیوز ڈیسک) ملازمین کے دفتری اوقات میں اسمارٹ فون استعمال کرنے پر مکمل پابندی عائد کرتے ہوئے موبائل فون متعلقہ انچارج کے پاس جمع کرانے کا حکم دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں ضلعی عدالتوں کے عملے (بقیہ نمبر 13)

# کوئٹہ خاندانی قتل کیس میں سنسنی خیز انکشافات

**بھائی نے سرکاری افسران پر بلیک میلنگ کے سنگین الزامات لگائے**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) وحدت کالونی میں پانچ بچوں اور بیوی کو قتل کرکے خودکشی کرنے والے محمد آصف کے بھائی کے سنسنی خیز انکشافات سامنے آگئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے وحدت کالونی میں بیوی اور بچوں کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کرنے والے محمد آصف کے کیس میں چونکا دینے والے انکشافات سامنے آئے۔ پولیس نے مقتول کے بھائی کی مدعیت میں نامزد سرکاری افسران کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کرلیا ہے۔ تھانہ شہید امیر محمد دستی میں درج مقدمے میں قتل اور خودکشی پر اکسانے کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ مقدمے (بقیہ نمبر 14)

# اسلام آباد دو سیکٹر زمین 40 سال بعد واپس، ہفتے الاٹیز کو قبضہ دینے کا فیصلہ

سی ڈی اے نے اسلام آباد کے دو سیکٹرز کے تین ہزار الاٹیز کو قبضہ دینے کی ہدایات جاری کردیں

**سیکٹر آئی بارہ اور ای بارہ میں طویل عرصے سے التواء کا شکار پلاٹس پر تعمیرات کی اجازت دے دی گئی**

اسلام آباد (ملک نجیب) وفاقی ترقیاتی ادارے (سی ڈی اے) کی انتظامیہ نے اسلام آباد کے 2 سیکٹرز کے 3 ہزار الاٹیز کو رواں ہفتے قبضہ دینے کی ہدایات جاری کردی ہیں سیکٹر آئی بارہ 1 کے ایک ہزار جبکہ سیکٹر ای بارہ کے دو ہزار پلاٹس کا قبضہ تعمیرات کے لئے دیا جائے گا (بقیہ نمبر 15)

# تیزاب گردی کے مجرموں کو سزائے موت دینے کی تجویز

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کرمنل لا ترمیمی بل 2026 میں تیزاب گردی کے مجرموں کے لیے سزاؤں میں سزائے موت بھی شامل کرنے کی تجویز دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں تیزاب گردی کے بڑھتے ہوئے ہولناک واقعات کی روک تھام کے لیے قانون کو مزید سخت کرنے کی تیاری کر لی گئی۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے 'کرمنل لا ترمیمی بل 2026' قومی اسمبلی میں جمع کرا دیا، جس میں تیزاب پھینکنے والے مجرموں کے لیے سزائے (بقیہ نمبر 17)

# ڈاکٹر ماہ نور کی صحت میں بہتری

**کراچی اسپتال میں زیر علاج کوئٹہ کی خاتون ڈاکٹر کی حالت سنبھل گئی**

کراچی (نیوز ڈیسک): شہر قائد میں زیر علاج کوئٹہ کی خاتون ڈاکٹر ماہ نور سے متعلق اچھی خبر ہے کہ نجی اسپتال میں ان کی حالت سنبھل چکی ہے اور انھوں نے اہل خانہ سے گفتگو بھی کی۔ ڈاکٹر ماہ نور کو ٹ اسپتال میں تیزاب گردی کا نشانہ بن گئی تھیں، اور وہ شدید زخمی ہوئی تھیں جس پر انھیں علاج کے لیے کراچی کے نجی اسپتال منتقل کر دیا گیا تھا، اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ جسم پر (بقیہ نمبر 16)

## گلگت بلتستان کے انتخابات۔ مسلم لیگ ن کے لیے خطرے کی گھنٹی

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

گلگت بلتستان کے حالیہ انتخابات کے نتائج نے ماضی کی روایات کو ختم کر کے ملکی سیاست میں ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ گلگت بلتستان کے انتخابات محض چند نشستوں کا انتخابی معرکہ نہیں تھا بلکہ اس نے پاکستان کی روایتی سیاسی تصورات و حرکیات کو بھی چیلنج کیا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک طویل عرصے سے یہ روایت قائم رہی کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں وہی جماعت اقتدار حاصل کرتی ہے جس جماعت کی مرکز میں حکومت ہو۔ اس روایت کی بنیاد وفاقی اثر و رسوخ، ترقیاتی فنڈز اور انتظامی طاقت کو سمجھا جاتا رہا ہے۔ مگر اس بار نتائج نے اس سیاسی فارمولے کو الٹ کر رکھ دیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے جی بی میں نہ صرف کامیابی حاصل کی بلکہ ایک بھرپور سیاسی واپسی کا تاثر بھی دیا ہے۔ جہاں پیپلز پارٹی کو اس کامیابی نے اطمینان اور خوشی دی ہے وہیں پر مسلم لیگ ن کے لیے کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ آخر ایسی کیا وجوہات تھیں کہ مرکز اور پنجاب میں حکومت رکھنے والی جماعت گلگت بلتستان جیسے اہم خطے میں عوامی اعتماد حاصل نہ کر سکی؟ اگر انتخابی مہم کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اس انتخاب کو غیر معمولی سنجیدگی سے لیا۔ انہوں نے مسلسل جلسے کیے، عوامی رابطہ مہم چلائی اور یہ تاثر دینے میں کامیاب رہے کہ وہ صرف ایک سیاسی جماعت کے سربراہ نہیں بلکہ وفاقی نظام کا ایک مؤثر حصہ ہیں۔ ان کی تقریروں میں اعتماد بھی تھا اور سیاسی جارحیت بھی۔ ان کا یہ جملہ کہ ''فارم 45 آپ لے آئیں، فارم 47 میں خود لے کر دکھاؤں گا'' انتخابی مہم کا ایک مؤثر سیاسی نعرہ بن گیا۔ آصفہ بھٹو زرداری کی سرگرم شرکت نے بھی پارٹی کارکنوں میں نئی روح پھونکی۔ اس کے برعکس مسلم لیگ ن کی انتخابی مہم میں وہ توانائی اور سنجیدگی دکھائی نہ دی جو ایک حکمران جماعت سے متوقع تھی۔ پارٹی کی پہلی صف کی قیادت عملاً انتخابی میدان سے دور رہی۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عدم شرکت اگرچہ انتظامی مصروفیات کے باعث سمجھی جا سکتی ہے، مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا پارٹی نے واقعی اس انتخاب کو اپنی سیاسی ساکھ کا مسئلہ سمجھا بھی تھا یا نہیں؟ حمزہ شہباز شریف جیسے رہنما کو متحرک کردار نہ دینا بھی حیران کن رہا۔ میاں نواز شریف کی مختصر آمد محض رسمی کارروائی محسوس ہوئی۔ یہ تاثر مزید مضبوط ہوا کہ شاید پارٹی قیادت خود بھی زمینی حقائق سے پوری طرح مطمئن نہیں تھی۔ اصل مسئلہ صرف انتخابی حکمت عملی کا نہیں بلکہ عوامی مزاج کا ہے۔ گلگت بلتستان کے نتائج دراصل ملک بھر میں بڑھتی ہوئی عوامی بے چینی کا عکس دکھائی دیتے ہیں۔ مہنگائی، بجلی و گیس کے نرخوں میں مسلسل اضافہ، بے روزگاری، نجکاری اور سرکاری اداروں کی بندش نے عام آدمی کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ متوسط طبقہ سکڑتا جا رہا ہے جبکہ غریب طبقہ بنیادی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر دکھائی دیتا ہے۔ پنجاب، جو مسلم لیگ ن کا مضبوط سیاسی قلعہ سمجھا جاتا تھا، وہاں بھی عوامی سطح پر بے چینی محسوس کی جا رہی ہے۔ سرکاری سکولوں اور ہسپتالوں کی آؤٹ سورسنگ، نئی بھرتیوں میں کمی، سرکاری آسامیوں کا خاتمہ اور ملازمین کے سروس سٹرکچر میں تبدیلی جیسے اقدامات نے ایک بڑے طبقے کو مایوس کیا ہے۔ حکمران شاید معاشی اصلاحات کے نام پر ایسے فیصلے کر رہے ہیں جو مالیاتی اداروں کو تو مطمئن کر سکتے ہیں مگر عوام کو نہیں۔ یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ پاکستان تحریک انصاف تمام تر دباؤ اور پابندیوں کے باوجود ایک بڑی عوامی قوت کے طور پر موجود ہے۔ دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی خاص طور پر پنجاب میں دوبارہ اپنی سیاسی بنیادیں مضبوط کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ ایسے میں اگر مسلم لیگ ن نے عوامی مسائل کے حل اور سیاسی رویوں میں تبدیلی کی طرف سنجیدہ توجہ نہ دی تو آئندہ عام انتخابات میں اسے سخت سیاسی چیلنج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ سیاسی جماعتوں کے لیے سب سے بڑا امتحان اقتدار میں رہ کر عوامی اعتماد برقرار رکھنا ہوتا ہے۔ عوام صرف ترقیاتی منصوبوں سے متاثر نہیں ہوتے بلکہ وہ اپنی روزمرہ زندگی میں بہتری دیکھنا چاہتے ہیں۔ جب بجلی کے بل، پٹرول کی قیمتیں، روزگار کے مواقع اور علاج و تعلیم کی سہولتیں عوام کی پہنچ سے دور ہونے لگیں تو سیاسی بیانیے کمزور پڑ جاتے ہیں۔ گلگت بلتستان کے نتائج کو محض ایک علاقائی انتخاب سمجھ کر نظر انداز کرنا دانشمندی نہیں ہو گی۔ یہ نتائج وفاقی حکومت کے لیے ایک سیاسی و عوامی پیغام ہیں۔ اگر حکمران جماعت نے اسے سنجیدگی سے نہ لیا، عوامی مشکلات کم کرنے کی کوشش نہ کی اور اپنی سیاسی ترجیحات پر نظر ثانی نہ کی تو یہ ''خطرے کی گھنٹی'' آنے والے دنوں میں ایک بڑے سیاسی طوفان کی شکل بھی اختیار کر سکتی ہے۔ جمہوریت میں عوام خاموش ضرور رہتے ہیں مگر بے حس نہیں ہوتے۔ ووٹ کی طاقت کے ذریعے وہ وقت آنے پر اپنا فیصلہ ضرور سناتے ہیں۔ گلگت بلتستان کے انتخابات نے یہی حقیقت ایک بار پھر واضح کر دی ہے۔

## دین کی محبت یا غیر ضروری مبالغہ آرائی؟

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

پاکستان اور خصوصاً پشتون معاشرے میں جب کوئی معروف مذہبی، سیاسی یا سماجی شخصیت وفات پا جاتی ہے تو اس کے بعد سوشل میڈیا پر جذباتی پوسٹس اور مختلف قسم کی باتیں تیزی سے پھیلنے لگتی ہیں۔ بعض لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ قبر سے خوشبو آ رہی تھی، مٹی سے عطر کی مہک محسوس ہو رہی تھی یا قبر کے اردگرد عجیب نور دیکھا گیا۔ ایسے واقعات کو فوراً کرامت کا نام دے دیا جاتا ہے اور پھر یہ باتیں بغیر تحقیق کے ہزاروں لوگوں تک پہنچ جاتی ہیں۔ اسلام میں اولیاء اللہ کی کرامات کا انکار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ قرآن و حدیث میں اس کی اصل موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو بعض اوقات ایسی عزت عطا فرماتا ہے جو عام انسانوں کے لیے حیرت کا باعث بنتی ہے۔ لیکن اسلام نے یہ بھی سکھایا ہے کہ ہر سنی سنائی بات کو فوراً سچ مان لینا درست نہیں۔ دین میں اعتدال، تحقیق اور سچائی کی بڑی اہمیت ہے۔ آج کل سوشل میڈیا کے دور میں جذبات حقیقت پر غالب آ جاتے ہیں۔ کسی شخصیت کے انتقال کے فوراً بعد ایسی پوسٹس شروع ہو جاتی ہیں جن میں مبالغہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ لوگ جذبات میں آ کر ایسی باتیں بھی بیان کر دیتے ہیں جن کا کوئی مستند ثبوت نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ معاشرے میں حقیقت اور افسانے کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اگر دنیا کے دیگر مسلم ممالک کا جائزہ لیا جائے تو وہاں اس قسم کے دعوے اتنی کثرت سے نظر نہیں آتے۔ خصوصاً سعودی عرب میں جہاں ہزاروں صحابہ کرامؓ، تابعین اور عظیم علماء مدفون ہیں، وہاں عام طور پر قبروں کے بارے میں اس انداز کی باتیں عوامی سطح پر مشہور نہیں ہوتیں۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہاں مذہبی معاملات میں احتیاط اور تحقیق کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ مدینہ منورہ، جنت البقیع اور دیگر تاریخی مقامات پر بے شمار عظیم ہستیاں آرام فرما ہیں۔ اگر ہر قبر سے خوشبو آنے یا غیر معمولی واقعات کی باتیں عام ہوتیں تو شاید سب سے پہلے انہی مقامات کے بارے میں دنیا میں مشہور ہوتیں۔ لیکن وہاں اصل توجہ ان بزرگ ہستیوں کی سیرت، قربانیوں اور دین کے لیے خدمات پر دی جاتی ہے، نہ کہ غیر مصدقہ قصوں پر۔ غزوۂ بدر اور غزوۂ احد کی تاریخ پڑھنے والا انسان جب ان مقامات پر جاتا ہے تو اس کے دل پر ایک خاص کیفیت طاری ہوتی ہے۔ انسان کو صحابہ کرامؓ کی قربانیاں یاد آتی ہیں، آنکھوں سے آنسو نکلتے ہیں اور دل نرم ہو جاتا ہے۔ یہ ایک فطری اور ایمانی کیفیت ہے۔ لیکن اس کیفیت کو غیر حقیقی قصوں سے جوڑ دینا مناسب نہیں۔ بعض لوگ کعبہ شریف یا حجر اسود کے حوالے سے بھی ایسی باتیں کرتے ہیں جن میں حقیقت کم اور جذبات زیادہ ہوتے ہیں۔ حالانکہ وہاں خوشبو اور عطر کا استعمال ایک معروف اور قدیم روایت ہے۔ خانہ کعبہ کو عود اور بہترین خوشبوؤں سے معطر کیا جاتا ہے تاکہ وہاں آنے والوں کے لیے پاکیزہ ماحول قائم رہے۔ اس کو کسی ماورائی واقعے کے طور پر پیش کرنا درست نہیں۔ اسلام ہمیں یہ تعلیم دیتا ہے کہ نیکی کا اصل معیار انسان کا کردار، تقویٰ اور اللہ سے تعلق ہے۔ اگر کوئی شخص اپنی زندگی میں دین پر قائم رہا، لوگوں کے حقوق ادا کرتا رہا اور اللہ کے احکامات پر عمل کرتا رہا تو یہی اس کی سب سے بڑی فضیلت ہے۔ قبر سے خوشبو آنا یا نہ آنا کسی انسان کی آخرت کا یقینی معیار نہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بعض اوقات لوگوں کو متاثر کرنے کے لیے مبالغہ آرائی کا سہارا لیا جاتا ہے۔ جب کسی شخصیت کے بارے میں بڑھا چڑھا کر بات کی جاتی ہے تو نئی نسل اسے حقیقت سمجھ لیتی ہے۔ بعد میں جب انہیں حقیقت معلوم ہوتی ہے تو وہ مذہبی باتوں پر بھی شک کرنے لگتے ہیں۔ اس لیے ذمہ داری کے ساتھ گفتگو کرنا بہت ضروری ہے۔ اسلام میں جھوٹ اور بے بنیاد بات پھیلانے کی سخت مذمت کی گئی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات آگے بیان کرتا پھرے۔ اس حدیث میں ہمارے لیے بہت بڑا سبق موجود ہے خاص طور پر آج کے سوشل میڈیا کے دور میں۔ پشتون معاشرے کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ یہاں اسلام سے محبت بہت گہری ہے۔ پشتون اپنے دین، علماء اور مذہبی اقدار سے خاص وابستگی رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی دینی یا معروف شخصیت وفات پاتی ہے تو لوگ جذباتی ہو جاتے ہیں اور اس سے اپنی محبت کا اظہار مختلف انداز میں کرتے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ پشتونوں نے اسلام کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ افغانستان سے لے کر برصغیر تک کئی معرکوں میں پشتون قبائل نے دین اور آزادی کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ ان کے اندر غیرت، مہمان نوازی اور دینی وابستگی ہمیشہ نمایاں رہی ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پشتون معاشرے میں دین صرف الفاظ تک محدود نہیں بلکہ عملی زندگی میں بھی اس کے اثرات نظر آتے ہیں۔ بہت سے لوگ اپنی روایات، مہمان نوازی اور وعدے کی پابندی کو اسلامی تعلیمات کے مطابق سمجھتے ہیں۔ یہی چیز انہیں دیگر معاشروں سے ممتاز بناتی ہے۔ تاہم ہر معاشرے کی طرح پشتونوں میں بھی بعض کمزوریاں موجود ہیں۔ جذبات میں آ کر بعض اوقات غیر مصدقہ واقعات کو حقیقت بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ اس کی اصلاح کی ضرورت ہے تاکہ دین کی اصل روح برقرار رہے۔ اسلام ہمیں توازن کا درس دیتا ہے۔ نہ ہر چیز کا انکار کرنا درست ہے اور نہ ہر بات کو بغیر تحقیق کے قبول کرنا۔ اگر کسی شخص کے ساتھ واقعی کوئی کرامت پیش آئی ہو تو وہ اللہ کی طرف سے ہو سکتی ہے لیکن اسے بیان کرنے میں احتیاط اور سچائی ضروری ہے۔ آج کل بعض لوگ دین کو صرف جذباتی واقعات تک محدود کر دیتے ہیں۔ حالانکہ اسلام عمل، اخلاق، انصاف اور عبادت کا نام ہے۔ اگر کوئی شخص نماز، سچائی، امانت داری اور انسانیت کی خدمت میں آگے ہے تو یہی اصل کامیابی ہے۔ یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ بعض اوقات لوگ کسی شخصیت کی زندگی کے اعمال کو چھوڑ کر صرف انتقال کے بعد کے قصے بیان کرتے رہتے ہیں۔ جبکہ اصل سبق اس انسان کی زندگی سے لینا چاہیے کہ اس نے دین، معاشرے اور انسانیت کے لیے کیا خدمات انجام دیں۔ صحابہ کرامؓ کی زندگیاں ہمارے لیے بہترین مثال ہیں۔ انہوں نے اسلام کے لیے جانیں قربان کیں، بھوک اور تکلیفیں برداشت کیں، لیکن کبھی اپنی بزرگی کے قصے نہیں سنائے۔ ان کی عظمت ان کے کردار اور قربانیوں میں تھی۔ اگر ہم واقعی اپنے بزرگوں سے محبت کرتے ہیں تو ہمیں ان کے اچھے اعمال اپنانے چاہئیں۔ صرف جذباتی پوسٹس یا غیر مصدقہ واقعات بیان کرنا کافی نہیں۔ معاشرے کی اصلاح عمل سے ہوتی ہے، افسانوں سے نہیں۔ دین اسلام عقل، شعور اور تحقیق کا دین ہے۔ قرآن بار بار انسان کو غور و فکر کی دعوت دیتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم ہر بات کو تحقیق کی کسوٹی پر پرکھیں اور صرف وہی بات آگے بیان کریں جس کا علم ہو۔ پشتونوں کی اسلام سے محبت ایک حقیقت ہے۔ بہت سے پشتون ایسے ہیں جو اپنے دین اور غیرت پر سمجھوتہ نہیں کرتے۔ وہ اسلام کے لیے جان دینا تو قبول کرتے ہیں لیکن دین سے پیچھے ہٹنا قبول نہیں کرتے۔ یہی جذبہ ان کی اصل طاقت ہے۔ لیکن اس محبت کے ساتھ علم اور حکمت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ اگر جذبات کے ساتھ تحقیق اور شعور شامل ہو جائے تو معاشرہ مزید مضبوط ہو سکتا ہے۔ دین کو مضبوط دلائل اور اچھے کردار کے ذریعے پھیلانا زیادہ موثر ہوتا ہے۔ آج کے دور میں سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اسلام کی اصل تعلیمات کو سمجھیں۔ سچائی، عدل، اخلاق، برداشت اور

## چند طنزیہ سوالات کے جوابات




دربار عالیہ موہری شریف سے وابستہ خلفاء عظام اور مریدین سے اسباق نقشبندیہ لطائف مراقبات اور سلوک کے حوالہ سے اکثر آج کل کچھ حضرات طنزیہ سوالات پوچھتے ہیں نہایت ادب اور عاجزی کے ساتھ ان کی بارگاہ میں چند گذارشات پیش خدمت ہیں سب سے پہلے یہ بات ذہن میں رہنی چاہیے کہ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں لطائف، مراقبات، سیر و سلوک اور مختلف اسباق کا تصور اپنی اصل کے اعتبار سے مسلم اور معروف ہے۔ ہمارے اکابر نے ان امور کا ذکر بھی فرمایا ہے اور اہلِ استعداد کو ان سے بہرہ مند بھی کیا ہے۔ البتہ ہر دور اور ہر خانقاہ میں ان کی تعلیم و تربیت کا طریقہ یکساں نہیں رہا۔ موہری شریف کے مزاج اور طریقِ تربیت کو سمجھنے کے لیے یہ بات بنیادی حیثیت رکھتی ہے کہ یہاں اصل توجہ اصطلاحاتِ سلوک پر نہیں بلکہ مقصودِ سلوک پر مرکوز رکھی گئی ہے۔ چنانچہ عام مریدین اور متعلقین کی تربیت کا محور ذکرِ الٰہی، اتباعِ سنت، ادائے فرائض و واجبات، تقویٰ، اصلاحِ اخلاق اور تعلق مع اللہ ہے۔ جہاں تک لطائفِ خمسہ، لطائفِ عشرہ، سلطان الاذکار، مراقبات اور دیگر دقیق اسباق کا تعلق ہے تو ان کا انکار ہرگز نہیں، بلکہ یہ امور سلسلہ میں معروف اور مسلم ہیں۔ تاہم ان کی تفصیلی تعلیم اور عملی تطبیق ہمیشہ سے مخصوص اہلِ استعداد، مجاز اور مطلق خلفاء کے دائرے میں رہی ہے، نہ کہ ہر عام مرید یا ہر خلیفہ کے لیے۔ ہمارے نزدیک کسی سالک کے کمال کا معیار یہ نہیں کہ وہ لطائف کے نام، مقامات یا اسباق کی تعداد سے کس قدر واقف ہے، بلکہ اصل معیار یہ ہے کہ اس کے اندر ذکرِ الٰہی کی کیفیت، اتباعِ سنت کا ذوق، خشیتِ الٰہی، اخلاص، تقویٰ اور حسنِ اخلاق کس حد تک پیدا ہوا ہے۔ اگر یہ اوصاف حاصل ہو جائیں تو سلوک کا اصل مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔ اس زمانے میں جبکہ مستقل خانقاہی زندگی اور طویل صحبتِ شیخ اکثر لوگوں کے لیے ممکن نہیں رہی، ہمارے اکابر نے عام مریدین کے لیے ذکر، شریعت کی پابندی، سنت کی اتباع اور شیخ سے قلبی تعلق کو بنیادی ذریعۂ اصلاح قرار دیا ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر ہزاروں متعلقین نے اپنی عملی زندگی میں دینی استقامت اور باطنی اصلاح حاصل کی۔ لہٰذا اگر کسی مجلس میں لطائف اور اسباقِ سلوک کی تفصیلات کم بیان کی جاتی ہیں تو اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا درست نہیں کہ ان امور کا وجود یا تصور نہیں ہے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ موہری شریف کے نظامِ تربیت میں اصل توجہ نتائجِ سلوک پر ہے، نہ کہ ہر شخص کو اصطلاحاتِ سلوک کی تفصیلات میں مشغول کرنے پر۔ یہ گزارشات کسی نظری بحث کے طور پر نہیں بلکہ موہری شریف سے میرے والد گرامی خواجہ خواجگان خواجہ محمد طاہر مبین معصومی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت سے چھ دہائیوں سے زائد تعلق اور اکابرِ سلسلہ کی صحبتوں سے حاصل شدہ فہم کی بنیاد پر پیش کی جا رہی ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب والسلام خواجہ محمد طیب مبین معصومی نقشبندی مجددی سجادہ نشین مصطفیٰ آباد شریف

## 25، 26، 27 اکتوبر 2013ء ''عالمی تصوف کانفرنس اور ڈاکٹر محمد نواز کنول کا فکری مقالہ''


زاہد اقبال بھیل

چیف ایڈیٹر: سلسلے وار مجلہ قلم و قرطاس ننکانہ صاحبتصوف برصغیر کی علمی، ادبی اور روحانی روایت کا وہ روشن باب ہے جس نے صدیوں سے انسانیت کو محبت، اخوت، امن، برداشت اور روحانی پاکیزگی کا درس دیا۔ صوفیاء کرامؒ نے اپنے کردار، تعلیمات اور روحانی فیضان کے ذریعے نہ صرف دلوں کو منور کیا بلکہ معاشرے میں انسان دوستی اور رواداری کی شمع بھی روشن رکھی۔ عصرِ حاضر میں جب دنیا مادیت، بے چینی اور نفرت کے اندھیروں میں گھری ہوئی دکھائی دیتی ہے، ایسے میں تصوف کی تعلیمات پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف علمی و ادبی حلقوں میں تصوف اور صوفیاء کرامؒ کی خدمات پر سیمینارز، کانفرنسیں اور فکری نشستیں منعقد کی جاتی رہی ہیں تاکہ نئی نسل کو روحانی اقدار سے روشناس کرایا جا سکے۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی اکتوبر 2013ء میں منعقد ہونے والی تین روزہ عالمی تصوف کانفرنس تھی، جو 25، 26 اور 27 اکتوبر 2013ء کو فیصل آباد کے سلور سپون ریسٹورنٹ میں زیرِ صدارت ڈاکٹر اسحاق قریشی منعقد ہوئی۔ اس عظیم علمی و روحانی کانفرنس کا موضوع تھا: ''سلاسلِ تصوف کے صوفیاء کرام کی خدمات''۔ یہ کانفرنس علمی، ادبی اور روحانی حلقوں میں غیر معمولی اہمیت کی حامل تھی، جس میں ملک بھر سے اہلِ علم، دانشور، محققین، ادباء، شعراء اور تصوف سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ کانفرنس میں مختلف سلاسلِ تصوف کے اکابر صوفیاء کرامؒ کی دینی، روحانی، اصلاحی اور سماجی خدمات پر تحقیقی مقالات پیش کیے گئے۔ اس عالمی تصوف کانفرنس میں ممتاز ادیب، محقق اور تصوف شناس شخصیت ڈاکٹر محمد نواز کنول نے بھی بھرپور شرکت کی اور ''سلاسلِ تصوف کے صوفیاء کرام کی خدمات'' کے موضوع پر اپنا علمی و تحقیقی مقالہ پیش کیا۔ ان کے مقالے کو علمی حلقوں میں نہایت توجہ اور قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول نے اپنے مقالے میں مختلف سلاسلِ تصوف کے صوفیاء کرامؒ کی انسان دوست تعلیمات، روحانی خدمات، اصلاحِ معاشرہ میں کردار اور دینِ اسلام کی ترویج و اشاعت کے حوالے سے نہایت مدلل اور فکری انداز میں گفتگو کی۔ انہوں نے اس امر پر روشنی ڈالی کہ صوفیاء کرامؒ نے ہمیشہ محبت، امن، برداشت اور اخوت کا پیغام عام کیا۔ ان کے نزدیک تصوف محض خانقاہی نظام یا رسمی عبادات کا نام نہیں بلکہ انسان کے باطن کی اصلاح، اخلاقی تطہیر اور اللہ تعالیٰ سے قلبی تعلق استوار کرنے کا ذریعہ ہے۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول نے اپنے مقالے میں یہ بھی واضح کیا کہ برصغیر میں اسلام کی اشاعت میں صوفیاء کرامؒ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور انہی کی تعلیمات نے لاکھوں انسانوں کے دلوں کو متاثر کیا۔ کانفرنس کے دوران مختلف علمی و فکری نشستوں میں بھی ڈاکٹر محمد نواز کنول کی شرکت نمایاں رہی۔ ان کی گفتگو میں تصوف کی حقیقی روح، صوفیاء کرامؒ سے عقیدت اور فکری پختگی نمایاں طور پر محسوس کی گئی۔ ان کا اندازِ بیان علمی ہونے کے ساتھ ساتھ روحانی تاثیر بھی رکھتا تھا، جس نے سامعین کو بے حد متاثر کیا۔ یہ عالمی تصوف کانفرنس نہ صرف روحانی و فکری اعتبار سے اہم ثابت ہوئی بلکہ اس نے تصوف کی حقیقی تعلیمات کو عام کرنے اور نئی نسل کو صوفیاء کرامؒ کے افکار سے روشناس کرانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول کی اس کانفرنس میں شرکت اور ان کا علمی مقالہ اس بات کا روشن ثبوت ہے کہ وہ تصوف اور صوفیانہ افکار کے سنجیدہ مطالعہ رکھنے والے ان اہلِ قلم میں شامل ہیں جو ادب، تحقیق اور فکری مکالمے کے ذریعے روحانی اقدار کو فروغ دینے میں مصروفِ عمل ہیں۔ چیف ایڈیٹر: سلسلے وار مجلہ قلم و قرطاس ننکانہ صاحبتصوف برصغیر کی علمی، ادبی اور روحانی روایت کا وہ روشن باب ہے جس نے صدیوں سے انسانیت کو محبت، اخوت، امن، برداشت اور روحانی پاکیزگی کا درس دیا۔ صوفیاء کرامؒ نے اپنے کردار، تعلیمات اور روحانی فیضان کے ذریعے نہ صرف دلوں کو منور کیا بلکہ معاشرے میں انسان دوستی اور رواداری کی شمع بھی روشن رکھی۔ عصرِ حاضر میں جب دنیا مادیت، بے چینی اور نفرت کے اندھیروں میں گھری ہوئی دکھائی دیتی ہے، ایسے میں تصوف کی تعلیمات پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف علمی و ادبی حلقوں میں تصوف اور صوفیاء کرامؒ کی خدمات پر سیمینارز، کانفرنسیں اور فکری نشستیں منعقد کی جاتی رہی ہیں تاکہ نئی نسل کو روحانی اقدار سے روشناس کرایا جا سکے۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی اکتوبر 2013ء میں منعقد ہونے والی تین روزہ عالمی تصوف کانفرنس تھی، جو 25، 26 اور 27 اکتوبر 2013ء کو فیصل آباد کے سلور سپون ریسٹورنٹ میں زیرِ صدارت ڈاکٹر اسحاق قریشی منعقد ہوئی۔ اس عظیم علمی و روحانی کانفرنس کا موضوع تھا: ''سلاسلِ تصوف کے صوفیاء کرام کی خدمات''۔ یہ کانفرنس علمی، ادبی اور روحانی حلقوں میں غیر معمولی اہمیت کی حامل تھی، جس میں ملک بھر سے اہلِ علم، دانشور، محققین، ادباء، شعراء اور تصوف سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ کانفرنس میں مختلف سلاسلِ تصوف کے اکابر صوفیاء کرامؒ کی دینی، روحانی، اصلاحی اور سماجی خدمات پر تحقیقی مقالات پیش کیے گئے۔ اس عالمی تصوف کانفرنس میں

## ایران۔ اسرائیل محاذ آرائی: مشرقِ وسطیٰ ایک نئے اور خطرناک دور اہے پر

مشرقِ وسطیٰ ایک بار پھر ایسی کشیدگی کی گرفت میں آ چکا ہے جس کے اثرات صرف ایران اور اسرائیل تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا کے سیاسی، معاشی اور تزویراتی منظرنامے کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ایران کی جانب سے اسرائیل پر بیلسٹک میزائلوں کے داغے جانے، اسرائیل کے ان میزائلوں کو روک لینے کے دعوے، پاسدارانِ انقلاب کے مسلسل حملوں کے اعلانات اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کو مذاکرات کی میز پر واپس آنے کی اپیل نے اس بحران کو عالمی توجہ کا مرکز بنا دیا ہے۔ یہ محض دو ریاستوں کے درمیان عسکری کشمکش نہیں بلکہ ایک ایسے تنازعے کی نئی شکل ہے جس کے پس منظر میں کئی دہائیوں کی دشمنی، نظریاتی اختلافات، علاقائی بالادستی کی کشمکش، جوہری پروگرام کا تنازع، فلسطین کا مسئلہ اور عالمی طاقتوں کے مفادات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی کوئی نئی بات نہیں۔ 1979ء کے ایرانی انقلاب کے بعد دونوں ممالک کے تعلقات مسلسل خراب ہوتے گئے۔ ایران نے اسرائیل کو ایک ناجائز ریاست قرار دیا جبکہ اسرائیل نے ایران کے جوہری پروگرام کو اپنے وجود کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے اسے روکنے کے لیے سفارتی، خفیہ اور عسکری ذرائع استعمال کیے۔ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران شام، لبنان، عراق اور یمن میں دونوں ممالک براہِ راست یا بالواسطہ طور پر ایک دوسرے کے خلاف سرگرم رہے ہیں۔ تاہم حالیہ واقعات نے اس تصادم کو ایک نئی اور زیادہ خطرناک سطح پر پہنچا دیا ہے جہاں براہِ راست میزائل حملے معمول بنتے جا رہے ہیں۔ ایران کی حکمتِ عملی کو سمجھنے کے لیے اس کے علاقائی اور داخلی حالات کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ تہران طویل عرصے سے یہ مؤقف اختیار کرتا آیا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے اس کے مفادات، اتحادیوں اور سکیورٹی ڈھانچے کو مسلسل نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایرانی قیادت کے نزدیک جوابی کارروائی نہ صرف قومی وقار کا تقاضا ہے بلکہ خطے میں اپنے اتحادیوں کو یہ پیغام دینا بھی ضروری ہے کہ ایران دباؤ کے باوجود پسپائی اختیار نہیں کرے گا۔ پاسدارانِ انقلاب کا یہ اعلان کہ آنے والے دنوں میں میزائلوں اور ڈرونز کی لہریں جاری رہیں گی، دراصل اسی عزم اور طاقت کے اظہار کا حصہ معلوم ہوتا ہے۔ تاہم اس طرزِ عمل کے ساتھ یہ خطرہ بھی وابستہ ہے کہ اگر کسی حملے میں بڑے پیمانے پر جانی نقصان ہوا تو صورتحال مکمل جنگ کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ دوسری جانب اسرائیل کی حکمتِ عملی بھی واضح دکھائی دیتی ہے۔ اسرائیل اپنی دفاعی صلاحیتوں، خصوصاً میزائل شکن نظاموں کو اپنی قومی سلامتی کی بنیاد قرار دیتا ہے۔ اسرائیلی قیادت کی کوشش ہے کہ وہ اپنے عوام کو یہ یقین دلائے کہ ریاست ہر قسم کے خطرے کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اسی لیے ایران کے حملوں کے بعد فوری طور پر یہ دعویٰ سامنے آیا کہ تمام میزائل روک لیے گئے ہیں۔ اگرچہ جنگی حالات میں دونوں فریق اپنے اپنے بیانیے کو مضبوط بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور آزاد ذرائع سے معلومات کی تصدیق ہمیشہ آسان نہیں ہوتی، تاہم یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ اسرائیل کی دفاعی ٹیکنالوجی خطے میں سب سے جدید سمجھی جاتی ہے۔ اس کے باوجود مسلسل حملوں کا دباؤ کسی بھی دفاعی نظام کے لیے ایک بڑا امتحان بن سکتا ہے۔ اس بحران میں امریکہ کا کردار خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ ٹرمپ کا یہ کہنا کہ ''بہت ہو گیا، مذاکرات کی میز پر واپس آئیں'' دراصل اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ عسکری تصادم کسی بھی فریق کے لیے مکمل کامیابی نہیں لا سکتا۔ امریکہ ایک طرف اسرائیل کا قریبی اتحادی ہے تو دوسری طرف وہ مشرقِ وسطیٰ میں ایسی جنگ سے بھی گریز چاہتا ہے جو عالمی معیشت اور امریکی مفادات کو نقصان پہنچائے۔ اگر یہ تنازع مزید پھیلتا ہے تو خلیج میں توانائی کی ترسیل، عالمی تجارت اور بین الاقوامی مالیاتی منڈیوں پر شدید اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ واشنگٹن بیک وقت اسرائیل کی حمایت اور جنگ کے پھیلاؤ کو روکنے کی کوش

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

تبدیلی لانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، چینی اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز کے تعاون سے PARC کو زرعی تحقیق میں تیزی لانے کیلئے جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نے زرعی شعبے کی پائیدار ترقی اور زرعی اصلاحات کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے کیلئے ملک بھر سے ماہرین اور متعلقہ سٹیک ہولڈرز پر مشتمل کمیٹی بنانے کی ہدایت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر روابط اور وفاقی اور صوبائی پالیسیوں وضوابط میں ہم آہنگی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم نے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے، موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ ہائبرڈ بیجوں کے فروغ، باغبانی کی ترقی، زرعی میکانائزیشن اور ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ہدایت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ کپاس کی پیداوار میں اضافے کیلئے صوبے، بالخصوص بلوچستان، جامع منصوبہ پیش کریں، ازسرنو تشکیل شدہ کاٹن بورڈ کا فوری نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت زرعی شعبے کی پائیدار ترقی، غذائی تحفظ اور قومی معیشت کے استحکام کے لیے تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مشاورت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ وزیراعظم نے شرکاء کی جانب سے ڈیری اور لائیو سٹاک کے فروغ کیلئے پیش کی گئی تجاویز کا خیر مقدم کیا، وفد کو حکومت کی جانب سے زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ وفد کے ارکان کو بریفنگ دی گئی کہ زرخیزی سکیم کے تحت چھوٹے کسانوں کو بینکوں کی جانب سے 1 ملین روپے تک کی آسان شرائط پر قرضے فراہم کئے جارہے ہیں، کسانوں کو سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب رسک کوریج سکیم اور کراپ لاس انشورنس فراہم کی جا رہی ہے۔ شرکا کو بریفنگ دی گئی کہ ڈیری اور لائیو سٹاک کی ترقی کیلئے نیشنل اینیمل ہیلتھ ایکٹ اور نیشنل بریڈنگ پالیسی کے مسودات تیار کرلئے گئے ہیں، وفد کے شرکاء نے زرعی شعبے سے متعلق اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کیں۔ وفد نے پاکستان کے زرعی شعبے کی ترقی کیلئے حکومتی اقدامات کو سراہا اور حکومت کی معاشی و ترقیاتی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔ وفد میں ارشد اقبال، ذیشان بیگ، محمود نواز شاہ، عماد ملک، رانا نسیم، احسن مصطفیٰ باجوہ، جہانگیر ترین، فہد پٹیل، شہزاد امین، خضر عالم خان، آمنہ آصف باجوہ، ظہور حسین، عثمان ظہیر، احمد قادر، آفاق ٹوانہ، شوکت رسول، خالد کھوکھر شامل تھے ملاقات میں وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس لغاری شامل تھے۔ وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی خالد مگسی، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر آبی وسائل محمد معین وٹو، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

کے دونوں پائلٹس ٹھیک ہیں، ہیلی کاپٹر حادثے سے متعلق آج مکمل رپورٹ جاری کریں گے۔ ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل اور ایران نے ایک ہفتے تک ایک دوسرے کے خلاف کارروائیاں نہ کرنے پر اتفاق کرلیا، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے انتہائی مثبت گفتگو ہوئی، اسرائیل پر حملہ ہوا، اس نے جواب دیا اور اب معاملہ ختم ہوگیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ معاہدہ آئندہ دو سے تین روز میں طے ہو سکتا ہے، امریکا ایران کے ساتھ ایک معاہدے کے آخری مرحلے میں داخل ہو چکا، معاہدے کے تحت ایران کو کسی بھی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، معاہدے پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز فوری طور پر کھول دی جائے گی۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ ایک مضبوط اور موثر معاہدہ طے پانے کے انتہائی قریب پہنچ چکے ہیں، اگر امریکا چاہے تو ایران پر مزید بمباری کرسکتا ہے، امریکا جنگی راستے کو ترجیح نہیں دیتا، فوجی کارروائی سے بڑی تعداد میں جانیں ضائع ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ سفارتی معاہدہ زیادہ موثر ثابت ہوسکتا ہے، ایران کی بندرگاہوں کے خلاف امریکی ناکہ بندی نے تہران پر شدید دباؤ ڈالا ہے، ناکہ بندی بمباری سے بھی زیادہ طاقتور ہتھیار ثابت ہوئی ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایرانی معیشت شدید مشکلات کا شکار ہے، یہی دباؤ ایران کو معاہدے کی جانب لا رہا ہے، جلد ایک ایسا معاہدہ سامنے آئے گا جو خطے میں کشیدگی کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اسرائیلی چینل 12 سے گفتگو میں ٹرمپ نے بتایا کہ کشیدگی میں کمی کیلئے 5 علاقائی ممالک نے رابطہ کرکے اسرائیلی وزیراعظم پر دباؤ ڈالنے کی درخواست کی تھی، اسرائیلی وزیراعظم سے رابطہ کرکے واضح الفاظ میں کہا کہ نہ نئی جنگ چاہتا ہوں، نہ ہی گرین سگنل دے سکتا ہوں، نیتن یاہو پر واضح کردیا تھا ایران کے خلاف جنگ کی صورت میں خود کو میدان میں اکیلے پائے گا۔ ٹرمپ نے کہا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ کے پانچ مختلف ممالک نے ان سے رابطہ کیا اور اسرائیلی وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو پر ایران کے خلاف حملے روکنے کے لیے دباؤ ڈالنے کی درخواست کی تھی، یہ ممالک شدید تشویش میں مبتلا تھے، وہ اس معاہدے کو پسند کرتے ہیں اور اس کے حامی ہیں کہ جس پر ہم مذاکرات کر رہے ہیں۔ ایگزیوس اور اسرائیل کے چینل 12 کے مطابق ٹرمپ نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ایران کی جانب سے پیغامات موصول ہوئے جن میں تہران نے حملے روکنے کے لیے آمادگی ظاہر کی، بشرطیکہ اسرائیل بھی اپنی کارروائیاں بند کردے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ حملوں کے تبادلے کے بعد فریقین کو سفارت کاری کی راہ پر واپس آنا چاہئے تاکہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان زیرِ مذاکرات معاہدے کو حتمی شکل دی جاسکے، امریکا اگلے دو ہفتوں کے اندر ایران پر مکمل فتح کا اعلان کرسکتا ہے، ایرانی مذاکرات کار ہمیں سب کچھ دینے کے لیے تیار ہیں۔ سی بی ایس کے مطابق صدر ٹرمپ نے جنوبی کیرولینا سے ریپبلکن سینیٹر لنڈسے گراہم اور ریاست کی گورنری کی امیدوار پامیلا اوٹ کی حمایت میں ایک ٹیلی فون ریلی میں کہا کہ آپ واقعی اگلے دو ہفتوں میں ایک فتح دیکھنے جارہے ہیں، جب ہم مکمل فتح کا اعلان کریں گے، یہ ایک مکمل فتح ہونے والی ہے، یہ بہت جلد ہونے والی ہے، اور تیل کی قیمت ڈرامائی طور پر گرنے والی ہے۔ امریکی صدر نے حالیہ مہینوں میں امریکا اور ایران کے درمیان تنازع کے فوری خاتمے کے بارے میں بارہا ایسی ہی پیشین گوئیاں کی ہیں، فروری کے آخر میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے وہ بارہا کہہ چکے ہیں کہ بحران ہفتوں میں ختم ہوسکتا ہے، تاہم، یہ ابھی تک واضح نہیں ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان مذاکرات کس مرحلے پر ہیں اور دونوں فریق کسی حتمی معاہدے کے کتنے قریب ہیں۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

"تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے وحدت کالونی میں بیوی اور پانچ بچوں کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کرنے والے محمد آصف کی واقعے سے قبل ریکارڈ کی گئی ایک انتہائی دردناک ویڈیو سامنے آئی، جس نے پورے کیس کا رخ بدل دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے ویڈیو بیان میں مقتول محمد آصف نے روتے ہوئے انکشاف کیا کہ دو بااثر افراد اس کے گھریلو معاملات میں بے جا مداخلت کر رہے ہیں اور اسے مسلسل تنگ کر رہے ہیں۔ آصف کا کہنا تھا" یہ لوگ مجھے مارنے، غائب کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں اور مجھے اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں، یہ بااثر لوگ میری بیٹی کا نام لے رہے ہیں، میں نے اپنے بچوں کو بہت پیار سے پالا ہے، لیکن مجھے اکیلا سمجھ کر نشانہ بنایا جا رہا ہے۔" ویڈیو میں آصف علی نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے تحفظ کی اپیل کرتے ہوئے انتہائی مایوسی کے عالم میں کہا تھا،

ہاتھوں استعمال نہیں ہونے دوں گا۔" ویڈیو بیان سامنے آنے کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے میڈیا کو بتایا کہ وزیراعلیٰ نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ آصف علی کے مرنے سے قبل دیے گئے بیان کی روشنی میں 2 مشتبہ سرکاری ملازمین کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ شاہد رند کا کہنا تھا کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جا رہا ہے اور قانون کے مطابق سخت کارروائی کرتے ہوئے تحقیقات کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

بڑے پیمانے پر کوئی ترامیم نہیں کی گئی ہیں، یہ ایک طویل عرصے بعد بڑی اصلاحات ہونے جا رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سی آر پی سی کے حوالے 55 قوانین ہیں، جن کی ترامیم کرنی ہیں ان ترامیم پر عجلت میں فیصلہ نہیں لیا جارہا، بلکہ قوانین کی اس بڑی تبدیلی اور ترامیم کے حوالے سے گزشتہ تین سال سے مسلسل کام کیا جا رہا ہے۔ وزیرِ قانون نے پارلیمانی عمل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان تمام ترامیم پر تفصیلی بات چیت اور تمام مسائل کا مستقل حل نکالنے کے لیے کم از کم چار دن درکار ہیں، تاکہ ہر پہلو پر سنجیدگی سے غور کیا جاسکے اور ایک جامع قانون سامنے آئے۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

پر مائل کیا جا رہا ہے۔ آج کل سوشل میڈیا پر ایک خطرناک رجحان تیزی سے پھیل رہا ہے کہ سرمایہ کاری میں یقینی اور فوری منافع کے ساتھ زیرو رسک کے دعوے کر کے شہریوں کو راغب کیا جا رہا ہے، لیکن سب حقیقت ہے یا دھوکا؟ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں ہزاروں افراد جعلی انویسٹمنٹ اسکیموں کا شکار ہو چکے ہیں۔ جعلساز افراد زیادہ منافع اور فوری کمائی کا لالچ دے کر آپ کی محنت کی کمائی ہتھیا لیتی ہیں۔ جب حقیقت میں نہ ایسی کوئی مستند کمپنی ہوتی ہے، نہ قانونی رجسٹریشن اور نہ ہی قابل تصدیق ریکارڈ۔ یہ دھوکا کیسے دیا جاتا ہے؟ جعلساز اشتہار کے ذریعہ کسی بھی سادہ لوح کو اپنی جانب مائل کر کے سرمایہ کاری کراتے ہیں۔ ابتدا میں چند دن یا ہفتوں تک منافع دے کر اس کا اعتماد حاصل کرتے ہیں۔ تاہم جیسے ہی شہری بڑی رقم کی سرمایہ کاری کرتے ہیں تو پھر نہ کمپنی ملتی ہے اور نہ ہی کوئی رابطہ ہوتا ہے اور سادہ لوح افراد اپنے قیمتی سرمائے سے ہمیشہ کے لیے محروم ہو جاتے ہیں۔ جعلسازوں سے کیسے بچیں؟ یاد رکھیں غیر حقیقی منافع کے دعوے ہمیشہ خطرناک ہوتے ہیں۔ پاکستان میں ہر قانونی انویسٹمنٹ اسکیم ایس ای سی پی سے ریگولیٹ ہوتی ہے۔ سرمایہ کاری سے قبل ہمیشہ کمپنی کی رجسٹریشن، لائسنس اور سابقہ ریکارڈ کی تصدیق ضرور کریں۔ بینک اکاؤنٹ نمبر، او ٹی پی، یا قومی شناختی کارڈ کی تفصیلات طلب کرنے والوں سے ہمیشہ ہوشیار رہیں۔ اگر آپ بھی انجانے میں کسی فیک اسکیم کا شکار ہو جائیں تو فوری طور پر متعلق اداروں سے رابطہ کریں۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

تے ہوئے 2 افراد کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ادارے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ نے کراچی میں ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر افغان باشندوں کے پاکستانی پاسپورٹ تیار کرنے والے نیٹ ورک کو بے نقاب کر دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایف آئی اے سی ٹی ڈبلیو نے شارع فیصل پر عوامی مرکز کے قریب واقع پاسپورٹ آفس پر اچانک چھاپہ مارا۔ چھاپہ مار کارروائی کے دوران پاسپورٹ آفس کے ریکارڈ کی تفصیلی جانچ پڑتال کی گئی، جس کے نتیجے میں 70 سے زائد ایسے مشتبہ غیر ملکی افراد کی دستاویزات برآمد ہوئیں جن کے پاسپورٹ مبینہ طور پر جعلی کاغذات کی بنیاد پر بنائے جا رہے تھے۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ ان مشتبہ افراد کا تعلق افغانستان سے ہے اور اس حوالے سے مزید گہرائی سے جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ چھاپے کے دوران موقع پر موجود 2 افراد کو حراست میں لے کر تفتیش کے لیے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ نیٹ ورک میں شامل دیگر سرکاری ملازمین اور ایجنٹوں کی گرفتاری کے لیے بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

چی کے علاقے لائسز ایریا میں ایک مسجد کے قریب کرائے کا مکان خالی کرانے کے تنازع پر دو گروپوں میں خونی تصادم ہوا ہے، جس کے دوران تیز دھار آلات کے آزادانہ استعمال سے 7 افراد شدید زخمی ہوگئے ہیں۔ واقعے کی چونکا دینے والی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی، پولیس حکام نے بتایا کہ کچھ افراد لائسز ایریا میں ایک کرائے کا مکان خالی کرانے کے لیے آئے تھے، واقعے کے وقت گھر پر کوئی مرد موجود نہیں تھا اور صرف خواتین اکیلی تھیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ گھر میں اکیلی خواتین کو دیکھ کر محلے داران کی مدد کے لیے جمع ہوگئے، جس کے بعد مکان خالی کرانے کے لیے آنے والے افراد اور اہل محلہ کے درمیان تلخ کلامی ہوئی جو دیکھتے ہی دیکھتے خونی تصادم میں بدل گئی۔ منظرِ عام پر آنے والی سی سی ٹی وی فوٹیج میں لوگوں کا ایک بڑا ہجوم دیکھا جاسکتا ہے، جس میں اچانک جھگڑا شروع ہوتا ہے۔ فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ مشتعل افراد ایک دوسرے پر چھریاں اور تیز دھار آلے برسا رہے ہیں اور کئی افراد کو چاقو لگنے کے بعد زخمی حالت میں تڑپتے ہوئے بھی واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تیز دھار آلے کے وار سے مجموعی طور پر 7 افراد زخمی ہوئے ہیں جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے واقعے کی باقاعدہ تفتیش شروع کر دی ہے اور ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

ن فوجی قیادت نے دوطرفہ عسکری روابط بڑھانے پر زور دیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے لبنان سے دیرینہ دوستانہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کی اور کہا کہ پاکستان آرمی دفاعی تعاون کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے۔ لبنان کے آرمی چیف جنرل رودولف ہائکل نے پاک افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور علاقائی امن واستحکام میں پاک افواج کے کردار کی تعریف کی۔ ترجمان آئی ایس پی آر کے مطابق لبنانی آرمی چیف کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات میں اہم پیش رفت ہے اور دونوں ممالک کے درمیان دفاعی شراکت داری کے فروغ کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

چیت کرے گی، تکنیکی میٹنگ میں احسن اقبال، رانا ثنا اللہ، اعظم نذیر تارڑ، بلال اظہر کیانی بھی معاونت کرینگے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی سے مراد علی شاہ، شیری رحمان، نوید قمر، سلیم مانڈوی والا اور جام خان شورو مشاورت کا حصہ ہوں گے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار مالیاتی امور کیلئے وزارت خزانہ کے متعلقہ حکام کو طلب کرسکیں گے، وزارت خزانہ کے مختلف شعبہ جات کے ڈی جیز کو بھی معاونت کیلئے طلب کیا جاسکے گا۔ علاوہ ازیں گلگت بلتستان میں حالیہ انتخابات کے بعد حکومت سازی کیلئے کوششیں شروع کردی گئیں ہیں، پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی اتحادی حکومت بننے کا قوی امکان ہے۔ انتخابات میں پیپلز پارٹی نے سب سے زیادہ نشستیں حاصل کیں، دونوں جماعتوں کی وفاق اور صوبوں کی طرز پر طے شدہ فارمولا لاگو کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ گلگت بلتستان میں وزیراعلیٰ پیپلز پارٹی جبکہ گورنر مسلم لیگ ن کا ہوگا، وزارتوں کی تقسیم 60 اور 40 فیصد فارمولے کے تحت ہوگی۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) ہرعلی نے کہا کہ پی ٹی آئی کو انتخابی مہم اور پولنگ کے دوران مختلف رکاوٹوں کا سامنا رہا اور انھیں انتخابی عمل سے باہر رکھنے کی کوشش کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ گلگت بلتستان کی 24 میں سے 23 نشستوں پر پی ٹی آئی کے امیدوار میدان میں تھے جب کہ پی ٹی آئی اور مجلس وحدت المسلمین (ایم ڈبلیو ایم) نے تین نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ کئی حلقوں میں پی ٹی آئی کی یقینی جیت کو شکست میں تبدیل کیا گیا۔ استور، نگر، غذر اور دیامر کی بعض نشستوں کے نتائج کو متنازع قرار دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ فارم 45 کے مطابق ان کے امیدوار متعدد حلقوں میں واضح برتری رکھتے تھے۔ بیرسٹر گوہر نے الزام لگایا کہ استور میں بڑے پیمانے پر بوگس ووٹ ڈالے گئے اور بعض پولنگ اسٹیشنوں پر فارم 45 جاری نہیں کیے گئے جب کہ پولنگ ایجنٹس کو بھی باہر نکالا گیا۔ انھوں نے رحمان پور یونین کونسل میں دوبارہ انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ان کی جماعت انتخابی عمل، ووٹوں کی گنتی اور نتائج کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہے کیوں کہ عوامی مینڈیٹ کے برعکس امیدواروں کو کامیاب قرار دیا گیا۔ ان کے بقول گلگت بلتستان میں جعلی مینڈیٹ مسلط کیا گیا ہے۔ انھوں نے اعلان کیا کہ نئی اسمبلی کی حلف برداری کے روز یومِ سیاہ منایا جائے گا جب کہ احتجاجی لائحہ عمل اتحادی جماعتوں سے مشاورت کے بعد جاری کیا جائے گا۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ آزاد حیثیت میں کامیاب امیدواروں کے مستقبل کا فیصلہ آئندہ ایک دو روز میں کیا جائے گا اور عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

ہراساں کرنے کے واقعے پر فوری ایکشن لیتے ہوئے مذکورہ ملزم کی گرفتاری کو یقینی بنایا۔ ہراسانی کی شکار ایک 16 سالہ لڑکی نے سیف سٹی کی ٹیکسٹ جنریشن سیفٹی ایپ کے (Anonymous Chat) اینونیمس چیٹ فیچر کے ذریعے بتایا تھا کہ ایک لڑکا اسے مسلسل ہراساں اور بلیک میل کر رہا ہے اور بات نہ ماننے کی صورت میں اس کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کی دھمکیاں دے رہا ہے جس کے باعث وہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہے اور خودکشی کرنا چاہتی ہے۔ سیف سٹی کے ماہر نفسیات نے مسلسل کونسلنگ کے بعد لڑکی کا اعتماد بحال کیا اور اسے یقین دلایا کہ اس کی شناخت مکمل طور پر خفیہ رکھی جائے گی۔ اعتماد حاصل ہونے پر لڑکی نے اتھارٹی کو ملزم کی تفصیلات فراہم کیں جس پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، عملے کی جانب سے متاثرہ لڑکی کو ہر ممکن قانونی اور نفسیاتی معاونت بھی فراہم کی گئی ہے۔ اگر آپ بھی ہراسانی، بلیک میلنگ یا ذہنی دباؤ کا شکار ہیں تو ٹیکسٹ جنریشن سیفٹی ایپ کے (Anonymous Chat) گمنام چیٹ فیچر کے ذریعے فوری اور محفوظ مدد حاصل کریں۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) جے اے اے سی رہنماؤں شوکت نواز میر اور خواجہ مہران کی گفتگو سنائی جارہی ہے، جس نے آزاد کشمیر میں بدامنی پھیلانے کی منصوبہ بندی کے الزامات کو جنم دیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کی رپورٹ کے مطابق مرکزی رہنما شوکت نواز میر اور خواجہ مہران کی آڈیو کال میں ہونے والی گفتگو میں راولاکوٹ میں دہشت گرد حملے اور لاشیں گرانے کی پیشگی منصوبہ بندی کی جارہی تھی۔ مبینہ لیک کال میں کہا گیا کہ جب تک راولاکوٹ میں حملے اور لڑائی نہیں ہوتی مظفرآباد اور میرپور میں ہم کچھ نہیں کر پائیں گے۔ شوکت نواز میر کا کہنا تھا کہ منصوبے پر عمل درآمد کیلئے راولاکوٹ میں اہلکاروں کی تعداد کا جائزہ لے کر فیصلہ کیا جائے۔ گفتگو میں خواجہ مہران کو یہ کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے کہ اہلکار راولاکوٹ میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے موجود ہیں جس پر شوکت نواز نے کہا کہ میں پھر دہرا رہا ہوں کہ جب تک راولاکوٹ میں لڑائی نہیں ہوگی ہم کچھ نہیں کر پائیں گے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

کے لیے دفتری اوقات کے دوران اسمارٹ فونز کا استعمال پر پابندی عائد کردی۔ اس سلسلے میں ضلعی عدلیہ کے رجسٹرار آفس کی جانب سے باقاعدہ اعلامیہ بھی جاری کردیا گیا ہے۔ جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ عدالتی عملہ دفتری اوقات کے دوران کسی بھی قسم کا اسمارٹ فون استعمال نہیں کرسکے گا۔ ڈیوٹی پر موجود تمام عملے کے موبائل فونز متعلقہ برانچ سربراہ کی تحویل میں رہیں گے اور انہیں دفتر پہنچتے ہی اپنے فونز جمع کرانے ہوں گے۔ اعلامیے میں کہا تھا کہ دفتری اوقات کے آغاز پر ہی عملے کے فونز برانچ انچارج اپنے پاس محفوظ کرلیں گے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ایمرجنسی کی صورت میں عملے سے صرف سرکاری لینڈ لائن نمبر کے ذریعے ہی رابطہ قائم کیا جاسکے گا۔ رجسٹرار آفس نے عدالتی عملے کو دفتری اوقات میں اسمارٹ فونز سے دور رہنے کی سخت ہدایت کی ہے تاکہ عدالتی امور اور دفتری کاموں میں کسی قسم کا خلل واقع نہ ہو۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے آفیسر آفتاب جبل، ان کی اہلیہ، ڈائریکٹر اسمال انڈسٹریز اقبال اور مسعود مینگل کو نامزد کیا گیا ہے۔ مقتول محمد آصف کے بھائی اور کیس کے مدعی ظریف خان نے پولیس کو ریکارڈ کرائے گئے بیان میں موقف اختیار کیا ہے کہ ان کے بھائی کو آفتاب جبل اور دیگر ملزمان کی جانب سے شدید بلیک میل کیا جارہا تھا، آفتاب جبل ان کے بھائی کو بیٹی کے نام پر ڈراتا اور دھمکاتا تھا۔ مدعی کے مطابق محمد آصف ملزمان کی مسلسل دھمکیوں اور بلیک میلنگ کی وجہ سے شدید ترین ذہنی دباؤ کا شکار ہو چکا تھا، اور اسی دباؤ میں آکر اس نے پہلے انتہائی قدم اٹھاتے ہوئے اپنی بیوی اور بچوں کو قتل کیا اور پھر خود کو گولی مار کر زخمی کیا جو بعد میں خودکشی کا سبب بنا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مقدمہ درج کر کے نامزد سرکاری افسران کے خلاف قانون کے مطابق تفتیش کا دائرہ وسیع کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

ذرائع کے مطابق سی ڈی اے بورڈ نے اپنے حالیہ روئے فیصلے میں اسلام آباد کے طویل عرصے سے التواء کا شکار دو سیکٹرز میں تعمیر اشکار دو سیکٹرز میں تعمیرات کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے اس ضمن میں تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں قوی امکان ہے آئندہ دو دنوں میں وزیر داخلہ محسن نقوی خود ان سیکٹرز کے الاٹیز میں پوزیشن لیٹر تقسیم کرکے تعمیراتی سرگرمیوں کا آغاز کریں گے سی ڈی اے ابتدائی طور پر آئی بارہ دن میں ایک ہزار پلاٹوں کا قبضہ ہینڈ اوور کرنا ہے اسی طرح سیکٹر ای 12 ٹو اور تھری میں بھی 2 ہزار الاٹیز کو قبضہ دیا جارہا ہے تاکہ گزشتہ 40 سال سے زیر التوا اس سیکٹر میں لوگوں کے گھر بنانے کے دیرینہ خواب کی تکمیل ہو سکے ان سیکٹرز کے الاٹیز کی جانب سے وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی کاوشوں کو سراہا جارہا ہے اور امید ظاہر کی جارہی ہے کہ جلد ہی ان سیکٹرز کے باقی ماندہ سب سیکٹرز میں الاٹیز کو گھر بنانے کا موقع دے دیا جائے گا

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

جلنے کے زخم سطحی نوعیت کے ہیں اور متاثرہ حصوں سے مُردہ جلد ہٹانے کا عمل جاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈاکٹر ماہ نور کی گرافٹنگ سے متعلق سرجریز مرحلہ وار کی جا رہی ہیں، اور ان کا علاج ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم کی مسلسل نگرانی میں ہو رہا ہے۔ دریں اثنا، تیزاب گردی کے واقعات پر نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے مجرموں کے لیے سزا سخت کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور کرمنل لا ترمیمی بل 2026 قومی اسمبلی میں جمع کرا دیا ہے۔ مجوزہ بل کے تحت پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 336 بی میں ترمیم کی تجویز دی گئی ہے، متن میں کہا گیا ہے کہ تیزاب گردی کے مجرموں کے لیے سزاؤں میں سزائے موت بھی شامل کی جائے، جب کہ عمر قید، کم از کم 14 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی برقرار رکھا جائے۔ مجوزہ ترمیمی بل میں تیزاب گردی کو ناقابلِ معافی اور سفاک جرم قرار دیا گیا ہے، اور کہا گیا ہے کہ موجودہ سزائیں تیزاب گردی جیسے سنگین جرائم کی روک تھام میں مؤثر ثابت نہیں ہو رہیں، جب کہ تیزاب گردی متاثرین کو زندگی بھر کے لیے جسمانی معذوری اور شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیتی ہے۔ متن کے مطابق سخت قوانین کے باوجود ملک بھر میں تیزاب گردی کے واقعات تاحال جاری ہیں۔ قومی اسمبلی میں جمع کرائے گئے بل میں کوئٹہ میں ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر حملے کا حوالہ بھی شامل کیا گیا ہے، اور کہا گیا کہ ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر حملے نے پوری قوم کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ بل کے متن میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ نے تیزاب گردی کو بعض پہلوؤں میں قتل سے بھی سنگین جرم قرار دیا ہے، سپریم کورٹ کے مطابق متاثرہ فرد پوری زندگی اس ہولناک جرم کے اثرات برداشت کرتا ہے، خواتین اور کمزور طبقات کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے، ترمیم کا مقصد محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، سخت سزا ہی تیزاب گردی جیسے جرائم کی مؤثر اور مستقل روک تھام ممکن بنا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

موت کی سزا شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ ترمیمی بل کے تحت پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 336 بی میں ترمیم کی جائے گی۔ بل کے متن میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ موجودہ سزائیں تیزاب گردی جیسے سنگین جرائم کو روکنے میں مؤثر ثابت نہیں ہو رہیں۔ یہ ایک ایسا سفاک اور ناقابلِ معافی جرم ہے جو متاثرین کو زندگی بھر کے لیے شدید ذہنی اذیت اور جسمانی معذوری میں مبتلا کر دیتا ہے۔ بل میں تیزاب گردی پر عمر قید، کم از کم 14 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانہ برقرار رکھتے ہوئے اب اس میں سزائے موت کو بھی شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ بل کے متن میں کوئٹہ میں ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے حالیہ تیزاب حملے کا خاص طور پر حوالہ دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس واقعے نے پوری قوم کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ بل میں یاد دہانی کرائی گئی ہے کہ سپریم کورٹ نے بھی تیزاب گردی کو بعض پہلوؤں میں قتل سے بھی زیادہ سنگین جرم قرار دیا ہے کیونکہ متاثرہ فرد پوری زندگی اس کے ہولناک اثرات بھگتتا ہے۔ نوابزادہ جمال خان رئیسانی کا کہنا ہے کہ خواتین اور کمزور طبقات کو تحفظ دینا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور صرف سخت ترین سزا ہی اس ناسور کا مستقل خاتمہ کرسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

15 دیامر 1، جی بی اے 16 دیامر 2 اور جی بی اے 17 دیامر 3 میں بھی دوبارہ پولنگ ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان نے کہا جی بی میں پرامن، مثالی انتخابات منعقد ہوئے، متعلقہ ڈی آر او نے ری پولنگ کی درخواست دی تھی جس پر چند پولنگ اسٹیشنز کو دوبارہ پولنگ کی ہدایت جاری کی ہے، 15 جون کو ری پولنگ کا شیڈول دیا ہے۔ واضح رہے کہ گلگت بلتستان کی 24 میں سے 20 نشستوں پر جیتنے والے امیدواروں کے سرکاری نتائج آگئے ہیں، پیپلز پارٹی 9، آزاد امیدوار 5، ن لیگ 5 اور ایم ڈبلیو ایم ایک نشست پر کامیاب ہوئی ہے۔ سرکاری نتائج کے مطابق جی بی 8 اسکردو ٹو سے ایم ڈبلیو ایم کے کاظم میثم 10658 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے تھے، جی بی 15 دیامرون سے آزاد امیدوار محمد دل پذی

# پاکستانی سفارت خانے کے تعاون سے دی ہیگ میں اسپورٹس فیسٹیول 2026 کا انعقاد

## دی ہیگ میں پاکستانی وڈچ کمیونٹی کا رنگا رنگ اسپورٹس میلہ، دوستی ہاکی کپ مرکزِ توجہ

• ہالینڈ دی ہیگ (محمد جاوید اقبال کھوکھر خصوصی رپورٹ اور تصویریں) پاکستانی سفارت خانے دی ہیگ کے تعاون سے اسپورٹس فیسٹیول 2026 کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں پاکستانی اور ڈچ کمیونٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اس رنگا رنگ کھیلوں کے میلے سے بھرپور لطف اٹھایا۔اس ٹورنامنٹ کے ارگنائزر پیر سید طاہر اقرار شاہ سرپرست اعلی پاکستان مسلم لیگ ن ہالینڈ تھے جبکہ مہمان گرامی سفیر پاکستان سید حیدر شاہ تھے ان کے ہمراہ کمرشل کونصل محمد شفیق ورک۔اور فرسٹ سیکرٹری محمد جنید رضا بھی تھے جبکہ اس فیسٹیول میں خصوصی تعاون صدر پاکستان مسلم لیگ ن ہالینڈ فیصل منظور اور woongids Makelaardij اور۔راجہ عظیم حسین اور Patent taxatie تھے جبکہ نظامت کے فرائض سیکرٹری محمد جنید رضا نے ادا کیے فیسٹیول میں پاکستان کے سفیر کی جانب سے * دوستی ہاکی کپ 2026، ایک دوستانہ ** کبڈی میچ * اور * رسی کشی * کے مقابلے شامل تھے۔دوستانہ ہاکی میچ پاکستان سفارت خانے کی ٹیم اور ڈچ کمیونٹی کی ٹیم کے درمیان کھیلا گیا۔ دونوں ٹیموں نے ہاکی کی شاندار مہارت کا مظاہرہ کیا، تاہم پاکستان سفارت خانے کی ٹیم کامیاب رہی۔ * دوستی ہاکی کپ * پاکستانی سفارت خانے کا ایک نمایاں ایونٹ ہے جس کا مقصد نیدرلینڈز میں دوستی، عوامی روابط اور باہمی تبادلوں کے ساتھ ساتھ ہاکی اور دوسری اسپورٹس کو فروغ دینا ہے۔دوستانہ کبڈی میچ دی ہیگ اور ایمسٹرڈیم سے تعلق رکھنے والے پاکستانی کمیونٹی کے ارکان کے درمیان کھیلا گیا۔ دونوں ٹیموں نے کھیل کے جذبے، باہمی تعاون اور ٹیم ورک کا بہترین مظاہرہ کیا۔شائقین نے کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور پاکستان کے محبوب روایتی کھیل کبڈی کے لیے ان کے جذبے کو سراہا۔اسی طرح کمیونٹی کے افراد نے دوستانہ رسی کشی کے مقابلے سے بھی لطف اندوز ہوئے اور کھلاڑیوں کے اتحاد، جسمانی فٹنس اور عزم کی تعریف کی۔مہمانِ خصوصی، سفیر پاکستان * سید حیدر شاہ * نے کھلاڑیوں میں یادگاری تحائف تقسیم کیے۔ انہوں نے اسپانسرز اور منتظمین فیصل منظور، راجہ عظیم حسین اور طاہر اقرار شاہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسپورٹس فیسٹیول کے کامیاب انعقاد اور اس بہترین روایت کو جاری رکھنے پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔بعد ازاں سفیر پاکستان سید حیدر شاہ نے * پاکستان ہاؤس * میں شریک ٹیموں کے اعزاز میں روایتی پاکستانی عشائیے کا اہتمام کیا۔

# سی ای او ایجوکیشن سیالکوٹ کا ڈسکہ کا دورہ

## داخلہ مہم اور تعلیمی معیار بہتر بنانے پر زور

ڈسکہ (عشرت انصاری) چیف ایگزیکٹو آفیسر (DEA) سیالکوٹ محمد سعید اصغر کا ڈسکہ کو دورہ ،گورنمنٹ ہائی سکول اور تحصیل زونل آفس کا دورہ کیا ،چیف ایگزیکٹو آفیسر (DEA) سیالکوٹ محمد سعید اصغر نے زونل آفیسر ڈسکہ، رضوان شریف کے ہمراہ گورنمنٹ ہائی سکول ڈسکہ کوٹ اور تحصیل زونل آفس کا دورہ کیا۔اجلاس کے دوران ای سی سی ای (ECCE) روم کی اپ گریڈیشن، داخلہ مہم کو تیز کرنے اور زیر التواء دفتری امور کو جلد نمٹانے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔سی ای او نے زونل آفیسر رضوان شریف کو داخلوں کے اہداف کی بروقت تکمیل اور دفتری شفافیت کو یقینی بنانے کی سخت ہدایت کی۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر نے سکول میں موجود ہریالی اور شجرکاری کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بہترین تعلیمی ماحول بچوں کی کامیابی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ٹیم کی لگن کی تعریف کی۔ (تصویر ہمراہ

# سانگھڑ میں منشیات فروشوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

## 5 2 ملزمان گرفتار، چرس، آئس، گٹکا اور شراب برآمد

ایک روپوش، چوبیس منشیات فروشوں سمیت 25 ملزمان گرفتار۔ چرس کے 02 ڈیلروں سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد۔سانگھڑ ( نامہ نگار ارشاد جٹ )ایک روپوش چوبیس منشیات فروشوں سمیت 25 ملزمان گرفتار چرس کے 02 ڈیلروں سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد دیگر منشیات فروشوں سے 04 گرام آئس، 5270 گ ٹکے کی پڑیاں برآمد۔شراب کی بھٹی مسمار، منشیات کے کیبن ہٹا دیے گئے۔پولیس ترجمان کے مطابق جرائم پیشہ عناصر خلاف ضلع بھر میں کاروائیاں کی گئیں اس سلسلے میں ٹنڈو آدم تھانہ پولیس نے چرس کے ڈیلر محمد آصف قریشی کو گرفتار کر کے 1030 گرام چرس برآمد پیٹر ے۔ایس ایچ او سانگھڑ گلزار علی مری نے نے چرس کے ڈیلر جبران قریشی کو گرفتار کر کے 510 گرام چرس جبکہ سلیمان سے 30 لیٹر شراب برآمد کی ہے۔ ایس ایچ او کھپرو محمد شریف جمالی نے معشوق جٹ، محمد یعقوب، غلام حسین شر اور گوتھم ماہی سے 1760 پڑیاں گٹکا، اسد شر سے 30 لیٹر شراب جمال کنبھر، محمد طیب نریش پوری سے 660 پڑیاں اور محمد خان لانگھانی سے، 04 گرام آئس برآمد کی ہے۔ایس ایچ او چوٹیاریوں اسد نواز نے شاہ مور مری سے 170 پڑیاں گٹکے کی برآمد کی ایس ایچ او لنڈو انیل جمن کوری نے احسان عرف گجو اور منظور علی کی شراب کی بنانے والی بھٹی پر چھاپہ مار کر بھٹی کو مسمار کر کے تیاری کے مرحلے میں موجود درجنوں لیٹر شراب کو موقع پر تلف اور 30 لیٹر تیار شراب برآمد کر کے احسان اور منظور کو گرفتار کیا ہے ایس ایچ او ڈی کے رند اشرف علی زرداری نے منشات فروش ایوب جمالی سے 400 پڑیاں گٹکے کے برآمد کی ہیں۔ایس ایچ او جھول محمد یاسر نواز مغل نے منیر حسین مری اور ریاض بروہی سے 150 پڑیاں گٹکے کے برآمد کی ہیں۔ایس ایچ او پی سیکشن سلام دین سولنگی نے کاشف چانڈیو، جاوید عباسی اور ناصر ملک سے 500 پڑیاں گٹکے کی برآمد کی ایس ایچ او تعلقہ منیر علی بالادی نے مہتاب کھہیم کو گرفتار کر کے 220 پڑیاں گٹکے کے برآمد کی ہیں۔شاہ پور چاکر تھانہ پولیس نے علی اصغر ڈاہری سے 375 پڑیاں گٹکے کی برآمد کی ہیں۔اس کے علاوہ شیر محمد مندوانی سے 20 لیٹر شراب برآمد کی ہے بیرول تھانہ پولیس نے علی محمد شر سے 200 پڑیاں گٹکے کی برآمد کی ہیں ایس ایچ او شہداپور ذوالفقار علی نے محمد رمضان جٹ، شہزاد عمرانی سے 800 پڑیاں گٹکے برآمد کر لئے گئے،

# بلدیاتی انتخابات میں ایماندار امیدواروں کی حمایت کریں گے، حاجی ریاض قادری

## عوام مفاد فروش کونسلرز کو دوبارہ موقع نہیں دیں گے

انتخابات میں عوام ان کا بوریا بستر گول کر دیں گے

بلدیاتی انتخابات میں ایماندار اور مخلص امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے بکنے والے کونسلرز کو عوام دوبارا موقع نہیں دیں گے حاجی ریاض احمد قادری سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی شخصیت حاجی ریاض احمد قادری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں ایماندار اور مخلص امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے بکنے والے کونسلرز کو عوام دوبارا موقع نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے والے امیدواروں کا محاسبہ کیا جائے گا ماضی میں جن لوگوں نے اپنے ذاتی مفادات کو ترجیح دی اور عوام کے اجتماعی مفادات کو نقصان پہنچایا ہے بلدیاتی

# جدہ کرکٹ کلب گرین نے سنسنی خیز فائنل جیت لیا

## آخری چار اوورز میں 0 8 رنز، گرین ٹیم کا شاندار کم بیک

جدہ (محمد اکرم اسد) سعودی عرب کے ساحلی شہر جدہ میں جدہ کرکٹ کلب کے زیرِ اہتمام کھیلے جانے والے سال 2026 کے دوسرے ٹورنامنٹ کے فائنل میں کرکٹ کے شائقین کو ایک نہایت سنسنی خیز دلچسپ اور یادگار مقابلہ دیکھنے کو ملا جس نے تمام حاضرین کے دل جیت لیے جدہ کرکٹ کلب کے زیرِ اہتمام سال 2026 کے دوسرے ٹورنامنٹ کا فائنل نہایت شاندار اور یادگار انداز میں منعقد ہوا جہاں کرکٹ شائقین کو ایک سنسنی خیز مقابلہ دیکھنے کو ملا اس اہم میچ میں جدہ کرکٹ کلب بلیو اور جدہ کرکٹ کلب گرین کی ٹیمیں مدمقابل تھیں اور دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے جدہ بلیو نے مقررہ 10 اوورز میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 167 رنز کا مضبوط ہدف دیا جس نے میچ کو مزید دلچسپ بنا دیا جواب میں جدہ گرین نے زبردست کھیل پیش کرتے ہوئے آخری لمحات میں میچ کا رخ اپنے حق میں کر لیا میچ کی سب سے اہم جھلک یہ رہی کہ گرین ٹیم نے آخری 4 اوورز میں 80 رنز بنا کر شاندار کم بیک کیا اور 168 رنز کا ہدف 2 گیندیں پہلے حاصل کر لیا گرین ٹیم کی کامیابی میں شیخ خالد کی دھواں دار بیٹنگ شکور کا جارحانہ کھیل حافظ افتخار کپتان کا ذمہ دارانہ اور لیڈرشپ سے بھرپور انگز تھی میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں ایوارڈز تقسیم کیے گئے جن میں من آف دی میچ شیخ خالد بہترین آل راؤنڈر انجینئر اسد بہترین بیٹر رانا عاطف بہترین باؤلر عبدالقدیر بہترین ابھرتا ہوا کھلاڑی عرفان بہترین سیریز پلیئر انجینئر یاسر علی بہترین مجموعی کارکردگی وسیم اختر بہترین ابھرتا ہوا آل راؤنڈر ارشاد تھے اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی انجینئر عبدالمجید خان نے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں تقسیم کیں فاتح ٹیم گرین کے کپتان حافظ افتخار جبکہ رنر اپ ٹیم بلیو کے کپتان مستقیم نے اپنی ٹرافیاں وصول کیں دیگر معزز مہمانوں میں مرزا محمود الحسن اور ماجد سعید خان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا انہوں نے اس شاندار ایونٹ کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایسے کھیلوں کے مقابلے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرتے ہیں بلکہ اتحاد بھائی چارہ اور نظم وضبط کو بھی فروغ دیتے ہیں دیگر معزز مہمانانِ گرامی تقریب میں شرکت کرنے والی دیگر اہم شخصیات میں شامل ہیں انجینئر منہاج ظفر انجینئر معاذ یعقوب انجینئر تصور حسین حاجی انجینئر محمد عثمان راشد خان لالا یعقوب بھائی محسن بھائی عبدالرحیم بھائی حافظ عثمان نیاز احمد اور حافظ مصطفیٰ شامل تھے

# علی طارق چیمہ کی جنرل منیجر سوئی ناردرن گیس سے ملاقات

## سانگلہ ہل کے گیس مسائل کے حل کیلئے اعلیٰ حکام سے اہم مذاکرات

علی طارق چیمہ امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 132 پاکستان مسلم لیگ ن کی جنرل منیجر سوئی ناردرن گیس سہیل اکرم سے خصوصی ملاقات سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) چوہدری محمد برجیس طاہر (مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن) کی خصوصی ہدایت پر علی طارق چیمہ امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 132 پاکستان مسلم لیگ ن نے جنرل منیجر سوئی ناردرن گیس سہیل اکرم صاحب سے خصوصی ملاقات کر کے گیس سے متعلقہ مسائل پر بات چیت کی اور گیس سے متعلقہ تمام مسائل کو فوری حل کرنے کی یقین دھانی، ملاقات میں باہمی تبادلہ خیال کر کے تجاویز مرتب کی گئیں، جن پر جلد عملدرآمد کر کے سانگلہ ہل کی عوام کو ہر ممکن سہولت

# وزیر اعلیٰ کلینک آن ویلز کے تحت مفت طبی سہولیات جاری

## سینکڑوں افراد کا مفت چیک اپ، ادویات کی فراہمی کا سلسلہ برقرار

وزیر اعلیٰ کلینک آن ویلیز کے تحت سینکڑوں لوگوں کا مفت چیک اپ اور ادویات فراہم کی جاتی ہیں کوالیفائیڈ ڈاکٹرز اور تربیت یافتہ عملہ اپنے فرائض ادا کر رہا ہے ڈاکٹر عمران علی آرتھو پیڈک سرجن سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لوگوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے خصوصی اقدامات کیے ہیں وزیر اعلیٰ کلینک آن ویلیز کے تحت لوگوں کا مفت میڈیکل چیک اپ اور ان کو ادویات فراہم کی جاتی ہیں ان خیالات کا اظہار دارالاسلام ہائی سکول محلہ اقبال پورا سانگلہ ہل میں لگائے گئے وزیر اعلیٰ کلینک آن ویلیز کے انچارج ڈاکٹر عمران علی آرتھو پیڈک سرجن نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سانگلہ ہل کے ایریا میں مختلف مقامات پر گاہے بگاہے لوگوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جن سے سینکڑوں لوگ استفادہ حاصل کرتے ہیں ڈاکٹر عمران علی آرتھو پیڈک سرجن امجد علی عزیز ڈسپنسر ایمان فاطمہ ایل ایچ وی و دیگر عملہ کے اراکین راشد محمود اور جمشید علی نے بڑی خوش اسلوبی سے اپنے فرائض ادا کئے

# خاتون کی جانب سے سسر پر جنسی زیادتی کی کوشش کا الزام

## متاثرہ خاتون کا مقدمہ درج کر کے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ

سانگلہ ہل: بدقماش شوکت علی کا اپنی بہو پر جنسی حملہ، زبردستی زیادتی کی کوشش، شور پر دھمکیاں دیں بہو (س) اپنی عزت بچانے کیلئے گھر سے باہر بھاگ گئی، خاوند کو بتایا تو اس نے کہا کہ جو والد کہتا ویسا کرو بہو اپنے 3 بچوں کو لے کر والدین کے پاس آگئی، تھانہ سمن آباد فیصل آباد میں درخواست، مقدمہ درج نہ ہوا سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) یٰسین چوک ڈنگا پھاٹک سدھار روڈ فیصل آباد میں بدقماش شخص شوکت علی نے اپنے بیٹے کی غیر موجودگی میں اپنی بہو (س) پر جنسی حملہ کر دیا، کھینچ کر کمرے میں لے جا کر اس سے زبردستی زیادتی کی کوشش کی، شور کرنے پر جان سے مار دینے کی دھمکیاں دیں، بہو (س) اپنی عزت بچانے کیلئے گھر سے باہر بھاگ گئی، (س) نے اپنے خاوند اشفاق کو بتایا تو اس نے کہا کہ جو والد کہتا ہے ویسا کرو اور اس کا کسی سے ذکر نہ کرنا، (س) نے اندراج مقدمہ کیلئے تھانہ سمن آباد فیصل آباد میں درخواست دیدی، تاحال پولیس نے مقدمہ درج نہیں کیا، بتایا گیا ہے کہ سانگلہ ہل کی رہائشی (س) کی شادی فیصل آباد میں اشفاق سے ہوئی، جس کے بطن سے 3 بچے پیدا ہوئے، 28 مئی کو اس کا خاوند اشفاق کسی کام کی غرض سے باہر گیا تو گھر میں موجود سسر شوکت علی اپنی بہو کو زبردستی کھینچ کر کمرے میں لے گیا اور شور کرنے پر اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے لگا اور زبردستی کپڑے اتارنے لگا اور اس کے ساتھ زنا، حرام کاری کرنے کی کوشش کرنے لگا، بہو نے بڑی مشکل شور مچا کر اپنی عزت بچائی اور گھر سے باہر چلی گئی اور اپنے خاوند اشفاق کو سارا وقوعہ بتایا لیکن اس نے اس بات کا ذکر کسی سے بھی نہ کرنے پر زور ڈالا اور کہا کہ جو میرا والد کہتا ہے ویسا ہی کرو، جس پر (س) 3 نابالغان کو ساتھ لیکر اپنے والدین کے گھر آگئی، متاثرہ عورت نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب سے مطالبہ کیا کہ اس مقدمہ درج کر کے اسے انصاف دلایا جائے۔

# تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا گیٹ رات کو بند، شہری مشکلات کا شکار

## ہسپتال سکیورٹی پر سوالات، رات کے وقت گیٹ بند کرنے پر تشویش

سانگلہ ہل: تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا آبادی کے ساتھ والا گیٹ رات کے وقت بند کر دیا جاتا ہے۔ 9 چوکیدار اپنی ڈیوٹی سے ہٹ کر ہسپتال میں مختلف جگہوں پر ڈیوٹی کرنے لگے۔رات کے وقت گیٹ بند ہونے سے شہری کو شدید مشکلات کا سامنا نوٹس کا مطالبہ سانگلہ ہل (بیورو چیف) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا مین گیٹ جو آبادی کے ساتھ اس کورات کے وقت بند کر دیا جاتا ہے جس کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے ہسپتال ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں 9 چوکیدار اور 5 سیکورٹی گارڈ ہیں چوکیدار اپنی چوکیداری کی ڈیوٹی سے ہٹ کر مختلف جگہوں پر ڈیوٹی کر رہے ہیں کوئی چوکیدار مینجمنٹ تو کوئی آپریشن تھیٹر میں تو کوئی پرچی بنانے تو کوئی آکر ٹھنڈے کمرے میں بیٹھ کر چلا جاتا ہے۔ چوکیدار اتنے بااثر ہیں کہ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرتا۔ہسپتال کا گیٹ آبادی کے بہت نزدیک ہے جس کی وجہ سے ایمرجنسی کی صورت میں مریض کو جلدی ہسپتال پہنچایا جا سکتا ہے مگر بدقسمتی سے اس کو یہ بہانہ بنا کر بند کر دیا جاتا ہے کہ یہاں چوریاں ہوتی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ 9 چوکیدار اور 5 سیکورٹی گارڈ کے ہوتے ہو ※ چوریاں ہونا ہسپتال کی سیکورٹی پر سوالیہ نشان ہے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز۔صوبائی وزیر صحت۔کمشنر لاہور ڈویژن کے نوٹس لیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے اس گیٹ پر چوکیدار تعینات کرتے ہوئے اس گیٹ کو عوام کے لیے ساری رات کھولا جا ※۔۔

# وفاقی بجٹ 2 1 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کیے جانے کا امکان

## بجٹ اور معاشی پالیسیوں پر غور کیلئے پارلیمنٹ کے اجلاس طلب

اسلام آباد (پی پی اے) مالی سال 2026-27 کا وفاقی بجٹ 12 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کیے جانے کا امکان ہے بجٹ کی منظوری اور متعلقہ پارلیمانی کارروائی کے لیے قومی اسمبلی کا اجلاس آج شام 5 بجے طلب کر لیا گیا ہے جبکہ ایوانِ بالا سینیٹ کا اجلاس بھی آج سہ پہر 4 بجے منعقد ہوگا پارلیمانی ذرائع کے مطابق دونوں ایوانوں کے اجلاس صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیرِ اعظم شہباز شریف کی سفارش پر طلب کیے ہیں اجلاسوں میں آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ اقتصادی پالیسیوں اور دیگر اہم قومی امور پر غور کیا جائے گا وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں محصولات ترقیاتی منصوبوں عوامی فلاح و بہبود اور معاشی استحکام کے لیے مختلف اقدامات متعارف کرائے جانے کی توقع ہے

# جوڑ میلہ 2026 کے انتظامات مکمل، سکھ یاتریوں کیلئے خصوصی سہولیات

## ننکانہ صاحب میں جوڑ میلہ، انتظامیہ اور پولیس کے فول پروف انتظامات

ننکانہ صاحب: جوڑ میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد۔اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر ننکانہ محمد تسلیم اختر راو اور ڈی۔پی۔او ننکانہ ارسلان زاہد نے کی۔اجلاس میں دنیا بھر سے جوڑ میلہ میں شرکت کرنے والے سکھ یاتریوں کے لیے انتظامات وسہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ننکانہ صاحب: (بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد کی زیر صدارت جوڑ میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔اجلاس میں متروکہ وقف املاک بورڈ کے افسران، سردار رنجیت سنگھ کنول، سردار گوپال سنگھ چاولہ سمیت گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی اجلاس میں دنیا بھر سے جوڑ میلہ میں شرکت کرنے والے سکھ یاتریوں کے لیے انتظامات وسہولیات کا جائزہ لیا گیا۔متعلقہ اداروں نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جوڑ میلہ کے تمام تر انتظامات مکمل ہیں۔دنیا بھر سے آنے والے سکھ یاتریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق دنیا کے مختلف ممالک سے سکھ یاتری جوڑ میلہ میں شرکت کے لیے ننکانہ صاحب پہنچ رہے ہیں۔جوڑ میلہ کی تقریبات کا آغاز اکھنڈ پاٹ کی رسم سے آج رات سے ہوگا اور ننکانہ صاحب میں جوڑ میلے کی تقریبات 12 جون کو بھوگ سے اختتام پزیر ہوں گی۔بھارت سے آنے والے سکھ یاتری آج 10 جون کو ننکانہ صاحب پہنچے گے، جہاں وہ اپنی مذہبی رسومات ادا کریں گے جبکہ سکھ یاتری 12 جون کو ننکانہ صاحب سے روانہ ہو جائیں گے، جوڑ میلے کی مرکزی تقریب گوردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں منعقد ہوگی۔سکھ قوم جوڑ میلہ گورو ارجن دیو جی کی شہادت کی یاد میں مناتی ہے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ جوڑ میلہ میں شرکت کے لیے ننکانہ صاحب آنے والے سکھ یاتریوں کے لیے بہترین اور فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔سکھ یاتری پاکستان سے محبت اور اچھی یادیں لیکر جائیں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ارسلان زاہد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جوڑ میلے کے ایام میں ننکانہ صاحب میں سکیورٹی کے فول

# ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے

## عوامی شکایات کے فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری

ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے۔درخواستوں پر کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری ہدایات جاری کیں۔ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب: (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں۔اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی درخواستوں پر کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری ہدایات جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے مشن پر عمل پیرا ہے اور شہریوں کے مسائل کا حل میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام کو براہ راست انتظامیہ تک رسائی حاصل ہے تاکہ ان کے مسائل موقع پر حل کیے جا سکیں۔

معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی رضوی جامع مسجد کے سامنے جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی مرحومہ کو مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی رضوی جامع مسجد کے سامنے جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی مرحومہ کو مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی رضوی جامع مسجد کے سامنے جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی مرحومہ کو مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا

# گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی پر پیپلز پارٹی کو مبارکباد

## پیپلز پارٹی عوامی اعتماد کی علامت ہے، یاسر ذوالفقار چوہدری

گلگت بلتستان کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں آصف علی زرداری نے گلگت بلتستان کا انتظامی ڈھانچہ بنایا تھا یاسر ذوالفقار چوہدری ایڈووکیٹ سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) بارایسوسی ایشن سانگلہ ہل کے سابق صدر یاسر ذوالفقار چوہدری ایڈووکیٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی کو گلگت بلتستان کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی انہوں نے کہا آصف علی زرداری نے گلگت بلتستان کا انتظامی ڈھانچہ بنایا تھا اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لئے اپنا کردار ادا کیا گلگت بلتستان کے عوام سے انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے بہادر اور غیور عوام پاکستان پیپلز پارٹی سے والہانہ محبت کرتے ہیں انہیں یقین ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی ان کے مسائل حل کر سکتی ہے انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آصفہ بھٹو زرداری اور تمام کارکنوں کو تاریخ ساز فتح پر مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے عوام سے جو بھی وعدے کئے ہیں وہ انشاللہ پورے کئے جائیں گے

# سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی اہلیہ انتقال کر گئیں

## مرحومہ کی نماز جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت

معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی رضوی جامع مسجد کے سامنے جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی مرحومہ کو مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی رضوی جامع مسجد کے سامنے جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی مرحومہ کو مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) معروف شخصیت سید اعجاز حسین شاہ مرحوم کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی رضوی جامع مسجد کے سامنے جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

# پنجاب حکومت وفاق کو 570 ارب روپے تک مالیاتی سہولت دینے پر آمادہ

## پنجاب بجٹ کا حجم 5 ہزار 1 3 1 ارب روپے مقرر کیے جانے ک